NDMA Pakistan — National Disaster Management Authority

Pakistan Boy Scouts Association

unicef for every child

# قدرتی آفات و حادثات سے بچاؤ

## پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن



یہ کتابچہ پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن نے یونیسف پاکستان، پاکستان گرل گائیڈز ایسوسی ایشن
اور نیشنل انسٹیٹوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ (تھنک ٹینک آف نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پاکستان
کے تعاون سے تیار کیا گیا۔ کتابچہ درج ذیل لنکس پر بھی دستیاب ہے:

www.pakscouts.org

www.ndma.gov.pk

# فہرست


| مواد | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تعارف:پاکستان میں آفات و حادثات سے بچاؤ کے لیے تربیتی کتابچہ | 1 |
| آفات کے خطرات سے بچاؤ کے بیج کو حاصل کرنے کا طریقہ کار | 2 |
| **حصہ اول** | **3-10** |
| ڈیزاسٹر رسک مینیجمنٹ (DRM) کا تعارف | 3 |
| پاکستان کی حادثاتی پروفائل/تصویر | 4 |
| مقامی سطح پر حادثات کا جائزہ (Participatory Risk Assessment – PRA) | 5 |
| ڈیزاسٹر رسک مینیجمنٹ DRM کا سلسلہ | 9 |
| ڈیزاسٹر رسک مینیجمنٹ میں بوائے اسکاؤٹس کا کردار | 11 |
| **حصہ دوم** | **13-36** |
| تیاری اور حفاظتی مہارتیں | 13 |
| موسمی کیلنڈر/تیاری کے مراحل | 15 |
| وین(Venn) ڈایا گرام | 16 |
| کہانیوں پر غور | 18 |
| NEOC کی ابتدائی انتباہات / الرٹس پر ردِ عمل | 22 |
| **حصہ سوم** | **37-41** |
| قدرتی آفات کے نقصانات سے بچنے کے لئے اقدامات | 37 |
| موسمیاتی تبدیلی آفات کے خطرات میں کس طرح اضافہ کرتی ہے | 38 |
| موسمیاتی تبدیلی کے اثرات | 39 |
| مفید اقدامات | 39 |
| **حصہ چہارم** | **42-51** |
| ایکشن پلاننگ اور بیج کا جائزہ | 42 |
| اہم حقائق کی دہرائی | 43 |
| سرگرمیوں کا مختصر جائزہ | 47 |
| DRM سپر ہیرو چیلنج | 49 |
| DRM کو اسکاؤٹنگ کی اقدار سے جوڑنا | 50 |
| ضمائم(Annexures) | 52-59 |



# تعارف

## پاکستان میں آفات وحادثات سے بچاؤ کے لیے تربیتی کتابچہ




اس بیج کا مقصد اسکاؤٹس کو معلومات فراہم کرنا ہے جن کے ذریعے وہ اپنے علاقے کے ممکنہ خطرات کو سمجھ سکیں، ان سے پہلے تیاری کر سکیں اور ہنگامی صورتحال میں ہونے والے نقصانات کو کم کر سکیں۔ یہ کتابچہ قومی سطح کے ڈیزاسٹر رسک مینیجمنٹ فریم ورک کے مطابق تیار کیا گیا ہے اور اس کا مقصد بچوں اور نوجوانوں میں ایسی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے جو کمیونٹی کی مضبوطی میں معاون ہوں۔

## بیج کے مقاصد




پاکستان میں قدرتی آفات، خطرات (Hazards) اور کمزوریوں (Vulnerabilities) کے بارے میں آگاہی اور سمجھ بوجھ پیدا کرنا۔

- اسکاؤٹس کی صلاحیتوں کو اس حد تک مضبوط بنانا تاکہ وہ خطرات اور کمزوریوں کی نشاندہی کر سکیں اور ہنگامی حالات میں محفوظ، بروقت اور مؤثر ردِ عمل کے لیے تیار ہو سکیں۔
- ماحول دوست اور طرزِ عمل اپنا سکیں تاکہ قدرتی آفات میں کمی آ سکے اور ماحول کا توازن بہتر ہو سکے۔
- اسکاؤٹس اپنے نصب العین "المستعد" اور اپنے وعدے کے مطابق اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور پہل کاری مل جل کر کام کرنا اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دے سکیں۔
- پاکستان میں آفات سے نمٹنے کے لئے تربیت یافتہ رضاکاروں کی استعداد کو مزید بہتر کر سکیں۔

## بیج کے اہم نکات



ڈیزاسٹر رسک منیجمنٹ کے بنیادی تصورات کو سمجھنا اور اس کے انتظامی ڈھانچے کا تعارف

- قدرتی آفات کے ممکنہ نقصانات سے بچاؤ اور ان سے نمٹنے میں اسکاؤٹس کا کردار
- قومی سطح سے لے کر مقامی سطح تک پاکستان کے ڈیزاسٹر منیجمنٹ نظام کے ڈھانچے سے آگاہی حاصل کرنا۔
- اپنے علاقے کے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کرنا۔

## حفاظتی تدابیر:

ڈیزاسٹر رسک منیجمنٹ کے بنیادی تصورات کو سمجھنا اور اس کے انتظامی ڈھانچے کا تعارف

- گھروں ، سکولوں اور تعلیمی اداروں کی سطح پر بنیادی تیاری اور حفاظت سے متعلق عملی مہارتیں پیدا کرنا
- ابتدائی وارننگ نظام پیشگی حفاظتی اقدامات محفوظ انخلا کے طریقوں اور رابطہ وہم آہنگی کے طریقہ کار کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا




## قدرتی آفات سے بچنے کے فطری طریقے:

- ماحول دوست رویہ اپنانا
- شجر کاری میں شامل ہو کر قدرتی آفات کے اثرات کو کم کرنا

## جائزہ اور عمل:

- حاصل کردہ معلومات کا جائزہ لینا
- اپنے لئے اور اپنے یونٹ کے لئے لائحہ عمل بنانا، تاکہ وہ قدرتی آفات کے ممکنہ خطرات اور اثرات سے کم متاثر ہوں



## متوقع نتائج:

- اسکاؤٹس اس بیج کی سرگرمیوں کے اختتام پر اس قابل ہو جائیں گے کہ
- مقامی خطرات کمزوریوں اور ان کے امکانات کا جائزہ لے سکیں۔
- ذاتی اور خاندانی ایمرجنسی پلان / حکمت عملی / منصوبہ بندی کر سکیں ، جو کمیونٹی کی سطح تک اثر انداز ہوں۔
- اس بیج کی سرگرمیاں مکمل کرنے کے بعد اسکاؤٹ آفات کے خطرات سے بچاؤ کا سفیر بن جائے گا جو کہ محفوظ بننے ، بہادری کا مظاہرہ کرنے اور ہر دم تیار رہنے کے مقولے کو فروغ دے گا اور اچھی مثال قائم کر کے اپنے گھر ، تعلیمی ادارہ اور گردونواح کے لوگوں کو ذمہ دار رویہ اپنانے کی طرف مائل کرے گا۔

## آفات کے خطرات سے بچاؤ کے بیج کو حاصل کرنے کا طریقہ کار:




1۔ تمام لازمی سرگرمیاں مکمل کریں۔
2۔ آفات کے خطرات سے بچاؤ کی منصوبہ بندی کریں جس میں خطروں کی نقشہ سازی، ہنگامی حالات سے نمٹنے کی منصوبہ بندی چیک لسٹ اور کمیونٹی کی منصوبہ بندی شامل ہے۔ ان معلومات کو اپنے گھر والوں اور دوستوں تک پہنچائیں۔
3۔ مکمل کی گئی سرگرمیوں کا ریکارڈ اسکاوٹ لیڈر کے توسط سے صوبائی اور نیشنل ہیڈ کوارٹرز کو جمع کروا کر بیج حاصل کریں۔

# حصہ اول

## ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ (DRM)

**تعارف:**

- بنیادی اصطلاحات/مقامی خطرات اور کمزوریوں کو سمجھنا
- اسکاؤٹ لیڈراوراسکاؤٹس کو مندرجہ ذیل اصطلاحات سے متعارف کروائیں۔

| لفظ | آسان معنی | مثال |
|---|---|---|
| خطرہ | ایسی چیزجو نقصان پہنچا سکتی ہے یا حادثہ کا سبب بن سکتی ہے۔ | سیلاب، زلزلہ، آگ، شدید گرمی، شدید بارش، برف باری، لینڈ سلائیڈنگ، سمندری طوفان، پانی کی کمی خشک سالی |
| قدرتی آفات | جب کسی قدرتی عمل سے انسانوں اور ماحول کو نقصان پہنچے۔ | سیلاب سے گھروں کی تباہی، زلزلے سے عمارتوں کا گرجانا، لینڈ سلائیڈنگ سے سڑکوں کا بند ہو جانا، صاف پانی کا سیلاب سے آلودہ ہو جانا۔ |
| امکان | یہ احتمال ہونا کہ کوئی آفت نازل ہوگی اور لوگوں کا نقصان ہو گا۔ | دریا کے قریب رہنے والے افراد کے لئے ڈوبنے کا خطرہ گھروں ، جانوروں اور فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ۔ |
| کمزوری / حساسیت | کسی جگہ یا انسان کا کمزور ہونا کہ وہ قدرتی آفات سے مقابلہ نہ کرسکے۔ | کچے مکانات، دریائی علاقے کے قریب ہونے کی وجہ سے سیلاب کی صورت میں زیادہ نقصان اٹھاتے ہیں۔ اور اینٹوں کے گھروں کے مقابلے میں ان مکانات کو آسانی سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ |
| صلاحیت | وہ طاقت/وسائل جو ہمیں خطرات سے بچانے میں کارآمد ثابت ہوں۔ | تربیت یافتہ اسکاؤٹ، ابتدائی طبی امداد کا سامان اور محفوظ مقامات۔ |
| تیاری | کسی حادثے سے بچنے کے لئے قبل از وقت اقدامات کرنا | تربیت حاصل کرنا، گھر اور خاندان کا حفاظتی پلان تیار کرنا اور طبی امداد کے سامان کی تیاری |
| فوری امدادی کاروائی | آفت آنے کے دوران یا اس کے فوراً بعد محفوظ رہنے کے لئے اقدامات۔ | لوگوں کو فوری طبی امداد دینا اور خوراک وہ دیگر ضروریاتِ زندگی کی فراہمی اور امدادی کاروائیاں۔ |
| بحالی | آفت آنے کے بعد کے اقدامات جن سے لوگوں کی روز مرہ زندگی بحال ہوسکے۔ | گھروں کی تعمیر، سکولوں کا کھلنا، پانی اور بجلی کی بحالی |
| تخفیف/اثرات کی شدت میں کمی کرنا | حادثات، قدرتی آفات ہونے سے قبل اس کے اثرات کو کم کرنا۔ | مضبوط گھروں کی بنیاد، درخت لگانا، نکاسی بہتر انتظام۔ |

**سرگرمی:**

## اصطلاح کو معنی سے ملائیں

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس - روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی سرگرمی**

**وضاحت:**

اسکاؤٹس کو گروپ میں تقسیم کیا جائے ایک گروپ کو وہ کارڈ دیں جس پرا الفاظ لکھے ہوں جیسے خطرہ ، آفت اور دوسرے گروپ کو کارڈ دیں جن پر ان الفاظ کے معنی یا تصاویر بنی ہوں یا گروپ بڑا ہونے کی صورت میں ہر گروپ کو دونوں کارڈز کے سیٹ دیں جس پر الفاظ اور تصاویر دونوں بنی ہوئی ہوں۔ تمام لڑکے لفظوں کی تصاویر معانی کے ساتھ ملانے کی کوشش کریں گے۔ایک دفعہ جو تمام کارڈز میچ ہو جائیں اس کے بعد وہ اپنے علاقے کی مثالیں بھی دے سکتی ہیں۔

**شرکاءسے بات چیت کریں:**

- ان کے علاقے میں کون سی آفات کا خطرہ زیادہ ہے ؟
- ان خطرات سے نمٹنے کے لیے کیسے تیار رہیں؟

## پاکستان کی حادثاتی پروفائل/تصویر

**وضاحت:**

پاکستان اپنے مختلف جغرافیائی حالات،موسمی حالات اور انسانی طرز عمل کی وجہ سے مختلف حادثات کے خطرے کی زد میں ہے ۔ ان میں سے چند قدرتی خطرے جیسے سیلاب زلزلے وغیرہ اور انسانی طرز عمل سے پیدا ہونے والے حادثات کا خطرہ شامل ہے۔

شرکاءسے بات چیت کریں:

| خطرہ | آسان معنی | کہاں |
|---|---|---|
| زلزلہ | زمین کا اچانک سے ہلنا | پاکستان کے کسی بھی علاقے میں |
| سیلاب | پانی کا زمین پر تیز بہاؤ | پاکستان کے کسی بھی علاقے میں |
| شدید گرمی کی لہر | متواترکچھ دنوں کے لیے معمول سے زیادہ گرمی | کراچی، سندھ، جنوبی پنجاب |
| پہاڑی تو دے گرنا | پہاڑسے مٹی اور پتھر گرنا | گلگت بلتستان، خیبر پختون خواہ، آزاد کشمیر |
| گلیشیائی جھیل کے پھٹنے سے آنے والا سیلاب | گلیشیائی جھیل کے پھٹنے سے بہت زیادہ مقدار میں آنے والے پتھر پانی اور مٹی | چترال، گلگت بلتستان |
| ساحل سمندر کی آفات | سمندری طوفان ، سمندری کٹاؤ | کراچی ٹھٹھہ اور دیگر ساحلی علاقے |
| آگ لگنا | بازار / جنگلات میں آگ لگنا/گھروں میں آگ لگنا | شہری علاقے اور جنگلات |
| وبا | کسی موذی بیماری کا پھیلنا | کوڈ 19، ڈینگی، ہیضہ ملک بھر میں |

سرگرمی:

**خطرے کا کھیل۔خاموش پہیلی**

شرکا: بوائے - روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی سرگرمی**

وضاحت:سکاؤٹس کو آفات و خطرات سے متعارف کرانا اور یہ بتانا کہ پاکستان میں یہ آفات کہاں کہاں آتی ہیں۔ اسکاؤٹس کو بتائیں آپ کون سے خطرات / آفات کی تصاویر دیکھ رہے ہیں ان کے نام بتائیں اور پاکستان میں کسی جگہ واقع ہو تصاویر چارٹ پیپر کے اوپر چسپاں کر کے بھی دکھائی جاسکتی ہیں یا پھر پینٹ کروا کے کمرے میں مختلف جگہوں پر بھی لگائی جائیں ۔ ایک ایک کر کے تصویر دکھائیں اور پوچھیں یہ کون سی آفت ہے آپ کی معلومات کے مطابق پاکستان کے کون سے علاقے اس میں ہوتے ہیں۔

# مقامی سطح پر خطرات کا جائزہ
## (Participatory Risk Assessments – PRA)

پی۔ آر۔اے کے نظریے کا تعارف کروائیں، جس کا مطلب ہے کہ علاقے کے افراد مل کر اپنے علاقے کے، خطرناک مقامات اور محفوظ علاقوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔
تمام افراد ، مرد، خواتین، نوجوان اور بچے ، خطرات کو کم کرنے کے لیے اپنی معلومات اور تجربات کے بارے میں بتاتے ہیں۔



**سرگرمی:**

## محفوظ یا خطرناک۔ریڈ لائٹ، گرین لائٹ

شرکاء شاہین اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**

1۔ PRA کو آسان الفاظ میں سمجھائیں۔

2۔ لیڈر سامنے کھڑا ہو کر سرخ اور سبز، کارڈ ہاتھ میں پکڑے۔ جو اسکاؤٹ قطار بنا کر کھڑے ہوں۔

3۔ گرین لائٹ – محفوظ!

جب لیڈر سبز کارڈ دکھائے تو کوئی محفوظ جگہ یا محفوظ عمل بتائے
مثلاً

- "اسکول کی عمارت "
- "زلزلے کے دوران کھلا میدان"
- "سیلاب کے دوران بڑوں کی بات ماننا
- اس کے بعد اسکاؤٹ آگے کی طرف دوڑیں۔

4۔ ریڈ لائٹ – خطرہ

5۔ جب لیڈر سرخ کارڈ دکھائے تو کوئی خطرہ یا خطرناک جگہ / عمل بتائے، مثلا

6۔ "بجلی کی تاروں کے قریب کھیلنا "

7۔ "تیز بارش کے دوران دریا کے قریب کھڑا ہونا

8۔ "زلزلے کے دوران بھاگنا"

9۔ اس پر اسکاؤٹس فوراً ساکت کھڑے ہو جائیں۔جو ہلے،وہ ایک قدم پیچھے جائے۔

10۔ آخر میں اسکاؤٹس سے کہیں کہ وہ اپنے گھر یا علاقے سے متعلق محفوظ اور خطرناک مثالیں خود تجویز کریں

## خطرے کا نقشہ Hazard

شرکاء اسکاؤٹ لیڈرز، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**

**تفصیل:**




ہر اسکاؤٹ کو ایک خالی کاغذ اور رنگین پنسلیں دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ اپنے گھر اور اس کے اردگرد کے علاقے کا نقشہ بنائیں۔ نقشے پر کسی بھی ایسی چیز کے لیے "سرخ نقطہ " لگائیں جسے وہ خطرہ سمجھتے ہوں (مثلا!ٹوٹی ہوئی بجلی کی تار، چولہے کے قریب گیس سلنڈر، پھسلن والی جگہ،یا وہ جگہ جہاں پانی جمع ہوتا ہو)۔

- ان کے بنائے گئے نقشوں پر گفتگو کریں اور وضاحت کریں کہ یہ چھوٹے خطرات ہنگامی صورتحال میں کس طرح بڑے مسائل بن سکتے ہیں۔
- یہ سرگرمی انہیں اپنے گرد و پیش ماحول میں موجود خطرات کو پہچانے میں مدد دیتی ہے۔

اس کے بعد اسکاؤٹس سے کہیں کہ وہ اپنے علاقے میں موجود مختلف قسم کے خطرات یا ہنگامی حالات کے نام بتائیں۔

ان کے جوابات وائٹ بورڈ یا بڑے کاغذ پر لکھیں۔ پھر مختلف خطرات کی تصاویر یا خاکے استعمال کریں (جیسے سیلاب، زلزلے، شدید گرمی کی لہر، شدید بارش، خشک سالی، لینڈ سلائیڈنگ، آگ وغیرہ) اور ان سے کہیں کہ وہ تصاویر کو اپنی فہرست کے ساتھ ملائیں۔

خطرے اور آفت کے فرق کی وضاحت کریں: خطرہ ایک خطرناک واقعہ ہوتا ہے (مثلاً شدید بارش)، جبکہ آفت وہ ہوتی ہے جب کوئی خطرہ بڑے پیمانے پر نقصان کا باعث بنے (مثلا سیلاب) وغیرہ۔






سرگرمی:

## خطرات کی تلاش

شرکاء: اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: اختیاری**

**مقصد:**

**اسکاؤٹس کو آفات اور خطرات کے مفہوم سے متعارف کروانا اور پاکستان میں پیش آنے والی آفات کی اقسام کی شناخت کروانا۔**

**تفصیل:**

- اسکاؤٹس سے سوال کریں
- آپ نے پاکستان میں کن آفات یا خطرات کے بارے میں سنا ہے؟
- کوشش کریں کہ وہ سیلاب، زلزلے، شدید گرمی کی لہر، خشک سالی، لینڈ سلائیڈنگ، آگ، وبائیں وغیرہ کے نام لیں۔
- تمام جوابات بورڈ یا چارٹ پر لکھیں۔ ہر خطرے پر مختصر گفتگو کریں: یہ کہاں اور کیوں ہوتا ہے (مثلاً سندھ میں سیلاب، کے زلزلے، کراچی میں شدید گرمی کی لہر۔
- اسکاؤٹس کو چھوٹے گروپس میں تقسیم کریں۔
- ہر گروپ چارٹ پیپر پر پاکستان (یا اپنے صوبے/علاقے) کا سادہ نقشہ بنائے۔
- مختلف رنگوں، نشانات یا اسٹیکرز کے ذریعے ان علاقوں کی نشاندہی کریں جہاں مخصوص آفات عام ہیں۔
- مثال: نیلا - سیلاب، سرخ - زلزلے، پیلا - شدید گرمی کی لہر۔
- ہر گروپ اپنا تیارہ کردہ خطرات کا نقشہ پیش کرے اور بتائے کہ ان کے علاقے میں کون سے بڑے خطرات ہیں اور لوگ ان سے متاثر ہوتے ہیں۔



# ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ (DRM) کا سلسلہ

**مقصد:**

یہ سمجھنا کہ آفات ایک سلسلہ کا حصہ ہوتی ہیں ، جن میں ہم آفت سے پہلے اسی کے دوران اور بعد میں ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کے لئے اقدامات کرسکتے ہیں۔

**DRM سلسلہ (سادہ وضاحت):**

یہ سلسلہ ان تمام مراحل کو ظاہر کرتا ہے جو ہم آفات سے نمٹنے کے لیے اختیار کرتے ہیں۔

| مرحلہ | کیاھوتاھے | مثالیں |
|---|---|---|
| روک تھام کی تخفیف (Prevention/Mitigation) | آفت آنے سے پہلے نقصان کو روکنے یاکم کرنے کے اقدامات ۔ | مضبوط دیواریں شجرکاری، تالوں میں کچرا نہ ڈالنا وغیرہ۔ |
| تیاری (Preparedness) | گھرانے کا آفات کے لیے تیار ہوتا۔ | منصوبہ بنانا، ابتدائی طبی امداد سیکھنا، ہنگامی حالات کے لئے سامان تیار کرنا ۔ |
| رد عمل (Response) | آفت کے دوران فوری اقدامات۔ | لوگوں کی مدد، محفوظ جگہ منتقل ہوتا، ابتدائی طبی امداد دینا، خوراک کا بندو بست۔ |
| بحالی / تعمیر نو (Recovery/Rehabilitation) | آفت کے بعد مرمت اور دوبارہ تعمیر | گھروں اوراسکولوں کی تعمیر،متاثرہ خاندانوں کی مدد۔ |

**اسکاؤٹ لیڈرز کے لیے معلومات:**

DRM سلسلہ اسکاؤٹ کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ آفات کوئی ایک وقتی واقعہ نہیں ہیں بلکہ مختلف مراحل پر مشتمل ہوتی ہیں، جن میں ہم نقصان کم کرنے اور لوگوں کو دوبارہ مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کر سکتے ہیں۔

آفات سے نمٹنا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے، جس میں خطرات کو سمجھنا، کمزوریوں کو کم کرنا، بروقت تیاری، فوری رد عمل اور بحالی شامل ہے۔

اسکاؤٹس کو ان چاروں مراحل کو اپنی روزمرہ زندگی کے تجربات سے مماثلت ڈھونڈنے میں مدد دیں۔

**ہر مرحلے کے لیے ٹرینز کے لیے ہدایات ( DRM بیج کے اصولوں کے مطابق) :**

**1۔ روک تھام / کمی:**

- بہت سی آفات انسانی رویوں کی وجہ سے خطرناک بن جاتی ہیں، جیسے درختوں کی کٹائی، کمزور مکانات بنانا اور نالیاں بند کرنا۔
- اسکاؤٹ لیڈرز اس بات پر زور دیں کہ Mitigation کا مطلب ہے کسی بھی آفت سے پہلے ممکنہ خطرات کو کم کرنا۔
- نوجوانوں کو اپنے ماحول میں خطرات پر غور کرنے اور علاقے کو محفوظ بنانے کے چھوٹے چھوٹے اقدامات سوچنے کی ترغیب دیں۔

۔2 تیاری:

- تیاری میں آگے کا سوچنا شامل ہے تاکہ آفت آنے پر لوگوں کو معلوم ہو کہ کیا کرنا چاہیے۔
- اسکاؤٹ لیڈرز تیاری کے چھوٹے چھوٹے اقدام پر روشنی ڈالیں، جیسے ایمرجنسی رابطوں کی فہرست بنانا، محفوظ مقامات کی نشاندہی کرنا، انخلاء کی مشق کرنا اور ابتدائی طبی امداد سیکھنا۔
- یہ واضح کریں کہ تیاری اعتماد پیدا کرتی ہے اور پریشانی کی صورت میں گھبراہٹ کم کرتی ہے۔

۔3 رد عمل:

- رد عمل وہ مرحلہ ہے جس میں انسانی جانیں بچانے، دوسروں کی حفاظت اور مزید نقصان کم کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جاتے ہیں۔
- یہ واضح کریں کہ بچے بھی مدد کرسکتے ہیں، جسے پرسکون رہنا، بہن بھائیوں یا بزرگوں کی مدد کرنا، ہدایات پر عمل کرنا اور محفوظ رہنا۔
- ٹیم ورک اور رابطے کی اہمیت پر زور دیں۔

۔4 بحالی/تعمیر نو:

- بحالی ایک طویل المدتی عمل ہے، جس میں لوگوں کو معمول کی زندگی کی طرف واپس لایا جاتا ہے۔
- اسکاؤٹ لیڈر وضاحت کریں کہ بحالی میں گھروں کی تعمیر، اسکولوں کی بحالی، اور مستقبل میں ان آفات سے نمٹنے کے لئے تیار رہنا وغیرہ شامل ہے۔
- اسکاؤٹ لیڈر کو سوچنے کی ترغیب دیں کہ لوگ کس طرح بہتر انداز میں دوبارہ تعمیر نو کرسکتے ہیں تاکہ آئندہ آفات کا ہر طریقے سے مقابلہ کیا جاسکے۔

سرگرمی :




**آفات کا سلسلہ دائرہ کی شکل میں**

شرکاء اور اسکاؤٹس، اسکاؤٹ لیڈرز

**نوعیت: لازمی**

ہر گروپ کو چارٹ پیپر دیں۔

ایک بڑا دائرہ بنائیں اور اسے چار حصوں میں تقسیم کریں:

روک تھام - تیاری - رد عمل ۔ بحالی ۔

ہر پٹرول کو الگ الگ آفت ، خطرے کا سلسلہ بنانے کو کہیں اور ہر حصے میں مثال کے ذریعے بتائیں کہ کیا اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ تمام گروپس کے بنائے گئے سلسلے دیوار پر آویزاں کریں۔

گفتگو

- ہر مرحلہ کیوں اہم ہے ؟
- اگر ہم کسی ایک مرحلے کو چھوڑ دیں تو کیا ہو گا؟

# ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ میں بوائے اسکاؤٹس کا کردار

بوائے اسکاؤٹس Disaster Risk Management میں اپنے خاندان، سکول اور کمیونٹی میں نہایت اہم کردارادا کرتے ہیں۔ آفات کی روک تھام، تیاری، ہنگامی رد عمل اور بحالی کے مراحل میں عملی تعاون فراہم کرتے ہیں۔

بوائے اسکاؤٹس کے مقولہ "المستعد" کے اصول اور خدمت کے جذبے کے تحت اسکاؤٹس اوراسکاؤٹ لیڈرز محفوظ طرز زندگی، مضبوط کمیونٹیز اجتماعی کوششوں کو فروغ دیتی ہیں۔ وہ موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے خطرات، ابتدائی وارننگ کی علامات، ماحولیاتی تحفظ اورانسانی سرگرمیوں کے باعث آفات کے اثرات کے بارے میں سیکھتے ہیں۔

روک تھام اور تیاری کے مرحلے میں اسکاؤٹس حفاظتی اقدامات، ابتدائی وارننگ کی معلومات، فرسٹ ایڈ، خاندانی ہنگامی منصوبوں، اسکول سیفٹی پلانز اور ماحول دوست طریقوں کے بارے میں آگاہی پھیلاتے ہیں۔

وہ پلاسٹک کے کم استعمال، مناسب کچرا تلفی کو فروغ دیتے ہیں اور صفائی مہمات اور شجر کاری سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں، تاکہ سیلاب اور آلودگی جیسے ماحولیاتی خطرات کو کم کیا جا سکے۔ یہ اقدامات کمیونٹی کو مضبوط بناتے ہیں اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے میں مدد دیتے ہیں۔

ھنگامی حالات جیسے سیلاب ، شدید گرمی کی لہر یا زلزلے کے بعد، پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن(PBSA)اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اسکاؤٹس لوگوں کو محفوظ مقامات تک رہنمائی فراہم کرتے ہیں ، بچوں اور بزرگوں کو پر سکون رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور جذباتی سہارا فراہم کرتے ہیں۔
PBSA امدادی سرگرمیوں کے تحت اسکاؤٹ لیڈرز اور کمیونٹی سطح پر عطیات جمع کرنے کی مہم چلاتے ہیں ۔ جن میں مالی امداد کے ساتھ ساتھ خوراک ، کپڑے، لحاف، جوتے اور دیگر ضروری اشیاء جمع کی جاتی ہیں۔ وہ امدادی سامان کی ترتیب پیکنگ اور متاثرہ خاندانوں تک تقسیم میں بھی مدد کرتے ہیں۔

بحالی کے مرحلے میں ، اسکاؤٹس صفائی مہمات، ماحول کی بحالی اور کمزور کمیونیٹیز کی مسلسل معاونت کے لئے اپنا کردار ادا کرتے ہیں ۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے اسکاؤٹس میں قیادت، ذمہ داری اور ہمدردی کی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں، اور وہ پاکستان بھر میں آفات سے نمٹنے کی تیاری، موسمیاتی عمل اور کمیونٹی کی مضبوطی کو فروغ دینے والے فعال راہنما بن جاتے ہیں۔ بہترین طرز عمل کو مرتب کرنے میں معاونت کرتے ہیں، جس سے مقامی اور قومی سطح پر بہتر فیصلے، پالیسی سازی اور حکمت عملی میں بہتری لانے میں مدد ملتی ہے۔



سرگرمی :

## ماہرین سے ملاقات Meet the Experts

شرکا: بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس اور اسکاؤٹ لیڈرز

**نوعیت اختیاری**

NDMA یا PDMA کے نمائندوں کے ساتھ ایک ملاقات/ سیشن کا اہتمام کریں ۔ اگر NDMA دستیاب نہ ہو تو ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ آفیسر کے ساتھ ملاقات رکھی جا سکتی ہے۔

ان کے کردار اور ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیل سے جانیں مختصر نوٹس بنائیں، اور حاصل شدہ اہم پیغامات (Key Messages) کو اپنے تعلیمی ادارے میں نمایاں انداز میں آویزاں کریں۔



# حصہ دوم

# تیاری اور حفاظتی مہارتیں

یہ سیشن ہر عمر کے اسکاؤٹ کو یہ سمجھنے میں مد دیتا ہے کہ گھر، اسکول یا کمیونٹی میں آفات کے دوران کس طرح تیاری کی جائے، درست رد عمل کیا ہونا چاہیے جیسے گھبرانے کے بجائے پرسکون طریقے سے پریشانی کا سامنا کیا جائے۔

مقاصد :

سیشن کے اختتام تک اسکاؤٹ یہ کر سکیں گے کہ :

- Early Warning Systems اور Alerts کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- اپنے گھرانے کے لیے ایمرجنسی پلان بنا سکیں جس میں عام اشیاء اور ضروری ٹیلی فون نمبر کی فہرست شامل ہو۔
- یہ جان سکیں کہ اسکول سیفٹی پلانز اور Mock Drills کسی طرح جانیں بچانے میں مدد دیتے ہیں۔
- بنیادی نفسیاتی / سماجی تیاری (Psychosocial Preparedness) کی مشق کر سکیں یعنی ہنگامی حالات میں اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہے اور دوسروں کی مدد کرنا۔



## قومی موسمی خطرات کا کیلنڈر

مختصر وضاحت: موسمی کلینڈر کمیونٹی کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ کون سی آفات کن مہینوں میں زیادہ ہوتی ہیں، تاکہ وہ پہلے سے تیاری کر سکیں۔

| مھینے/موسم | ممکنہ خطرات | کیاکرناھے |
|---|---|---|
| جنوری تا مارچ | سردی کی لہر۔ | گرم کپڑوں کا بندوبست کریں۔ |
| اپریل تا جون | شدید گرمی، خشک سالی | پانی کا زیادہ پینا پانی کی بچت کرنا۔ |
| جولائی تا ستمبر | مون سون سیلاب، گلیشیئر جھیل پھٹنے کے خطرات | نالوں کی صفائی، چوکس رہنا، محفوظ پناہ گاھوں کی نشاندہی۔ |
| اکتوبر تا دسمبر | اسموگ، زلزلے۔ | ماسک کا استعمال ، آگاہی مہم۔ |

# National Hazard Calendar



سرگرمی :

## موسمی کیلنڈر/تیاری کے مراحل

شرکا: شاہین اسکاؤٹس، بوائے اسکاؤٹس ، روور اسکاؤٹس

### نوعیت لازمی

مقصد :

اسکاؤٹ کو اس بات کی نشاندہی کرنے میں مدد کرنا کہ سال کے دوران کب مختلف خطرات پیش آتے ہیں اور ان خطرات سے نمٹنے کے لیے کیا لائحہ عمل ہونا چاہیے۔

طریقہ کار :

1۔ اسکاؤٹس کو چھوٹے پٹرول میں تقسیم کریں۔

2۔ ہر گروپ سے کہیں کہ 12 مہینوں کا کیلنڈر تیار کریں۔

3۔ پاکستان میں عام آفات اور ان کے اوقات پر گفتگو کریں( جولائی اگست میں سیلاب ، مئی جون میں گرمی کی لہریں ، جنوری۔ فروری میں سرد لہریں ، کسی بھی وقت زلزلے ) ۔

4۔ ہر گروپ کیلنڈر پر خطرات کو نشانات یا رنگوں سے ظاہر کرے۔

5۔ اب اسکاؤٹس سے کہیں کہ ہر خطرے کے ساتھ★ لگا کر ایک حفاظتی اقدام تحریر کریں ۔ مثلاً؛

- نالوں کی صفائی ☚ سیلاب سے پہلے
- پینے کا پانی ذخیرہ کریں ☚ گرمی کی لہر سے پہلے ۔
- گرم کپڑے اور کمبل چیک کریں ☚ موسم سرما سے پہلے ۔

6۔ ہر گروپ اپنا موسمی خطرہ اور تیاری کا کیلنڈر پیش کرے اور دیوار پر آویزاں کرے ۔

سرگرمی :

## تیاری کہانیوں کے ذریعے

شرکا: شاہین اسکاؤٹس، بوائے اسکاؤٹس ، روور اسکاؤٹس

### نوعیت لازمی

### تعارف اور گروپ کی تشکیل

اسکاؤٹس کو آفات سے متعلق تیاری، انکے بارے میں پہلے سے معلومات رکھنے کی اہمیت اور آفات کے وقت مظبوط رہنے کا مختصر طور پر متعارف کروائیں۔

**گروپوں میں تقسیم کریں:** تمام اسکاؤٹس کو پانچ الگ الگ گروپوں میں تقسیم کریں ۔ ہر گروپ کو پانچ کہانیوں کی کتابوں میں سے ایک مہیا کریں۔ یہ واضح کریں کہ ہر گروپ اپنی مہیا کردہ کہانی کا "ماہر" بن جائے اور باقی اسکاؤٹس کو اس کے بارے میں سکھائے۔

**گروپ 1 :** جینامسکرانا، ہمت نہ ہارنا

**گروپ 2:** سردی آئی

**گروپ 3:** احتیاط کی کہانی پریوں کی زبانی

**گروپ 4:** زمین کا ہلنا

**گروپ 5:** برسات میں احتیاط

ہر گروپ الگ الگ طور پر کام کرنے کے لیے الگ الگ جگہ اکٹھا ہو جائے گا۔ اور :

۔1 **کہانی کی کتاب پڑھیں:** تمام، سارے گروپ ممبرز اپنی کہانی کی کتاب پڑھیں۔

۔2 **اہم پیغامات کی شناخت کریں :** ایک گروپ کے طور پر، کہانی سے کیا اہم پیغامات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ حوصلہ مند بننے کے لیے۔ کیا کرنا چاہیے؟ کہانی کا کس طرح تعارف کروایا جائے؟

۔3 ہر گروپ اپنے پیغام کو دوسرے گروپوں کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے درج ذیل طریقوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرے۔ تعارف زیادہ سے زیادہ 5 منٹ تک کا ہونا چاہیے۔

- تعارف: مختصر اور واضح ہونا چاہیے ۔ گروپ ایک سادہ ڈرائنگ یا فلپ چارٹ پر اہم نکات کی فہرست تیار کر سکتا ہے۔
- ڈرامہ: کہانی کے اہم سبق کو ڈرامے کے ذریعے پیش کریں ۔ مثال کے طور پر ، گروپ 4 "ڈراپ، کور ، اور ہولڈ آن" ڈرل پیش کر سکتا ہے۔
- بات چیت: دوسرے گروپس کے ساتھ اپنی کہانی کے موضوع کے بارے میں سوال و جواب کے ذریعے بات چیت کریں ۔

پوڈ کاسٹ انٹرویو: اپنے نتائج کو ایک مختصر پوڈ کاسٹ یا کہانی کے کسی کردار کے ساتھ انٹرویو کے انداز میں پیش کریں ، جس میں جو سیکھا ہے اس کی وضاحت کریں ۔

۔4 ہر گروپ باری باری اپنی کہانی اور اس کا اہم پیغام سب کے سامنے پیش کرے ۔ ہر پریزنٹیشن کے بعد ، شرکاء کو 2-1 منٹ کے فوری سوالات کرنے کا موقع دیں تاکہ پیغام ذہن نشین ہو جائے۔

سرگرمی :

## وین ڈایاگرام (Venn Diagram)

شرکا: شاہین اسکاؤٹس، بوائے اسکاؤٹس ، روور اسکاؤٹس

### نوعیت اختیاری

وین ڈایاگرام (Venn Diagram) ہمیں یہ بتاتی ہے کہ مختلف ادارے یا گروہ آفات کے دوران کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

مثالیں :

| | | | |
|---|---|---|---|
| بوائے اسکاؤٹس | گرل گائیڈز | بنیادی ہیلتھ یونٹ / ہسپتال | تھانہ |
| مسجد | مقامی این جی او | محفوظ پناہ گاہ | علاقائی تنظیمی |

بینک                ریسکیو اسٹیشن                محکمہ زراعت                محکمہ آبپاشی                یونیورسٹیاں / سکولز




اس خاکہ کے مختلف حصے ایک دوسرے کے اوپر آئیں گے جس سے پتہ چلتا ہے کہ کس طرح بہت سے ادارے باہمی تعاون سے کام کرتے ہیں۔

خاکہ بنائیں :

سارے گروپس چارٹ پیپرز پر دائرے کھینچیں جس میں ایسی تنظیمیں دکھائیں جو اپنے علاقے میں آفات کے دوران مدد کرتی ہیں۔

## کیا کسی اور کو شامل ہونا چاہیئے؟

تبادلہ خیال کریں کہ اور کس کس کو اس خاکہ میں شامل ہونا چاہیے مثلاً نوجوان، خواتین ، مقامی راہنما، معذور افراد

خواتین، بچوں اور معذور افراد کی کمزوریوں کو سمجھنا

شاہین، بوائے اور روور اسکاؤٹس

کمزوری (Vulnerability) سے مراد وہ حالات ہیں جن میں کوئی فرد جسمانی، سماجی یا معاشی وجوہات کی بناء پر آفات کے دوران زیادہ متاثر ہو سکتا ہے۔

## پاکستانی تناظر میں مثالیں :

| گروپ | ہنگامی حالات میں مسائل | حقیقی زندگی سے مثالیں |
|---|---|---|
| خواتین | گھر میں خواتین پر بچوں اور بزرگوں کی ذمہ داری ہوتی ہے ۔ ان کے پاس اکثر ذرائع آمد و رفت کی کمی ہوتی ہے اور محفوظ پناہ گاہوں کی کمی ہوتی ہے مالی وسائل بھی کم ہوتے ہیں۔ | ماضی میں آنے والے سیلابوں کے دوران ، بہت سی خواتین چھوٹے بچوں کے ساتھ وقت سی پر گھروں سے باہر نہیں نکل سکیں تھیں ؛ کیمپوں میں صفائی کی کمی تھی اور پردے کا مناسب انتظام نہ تھا۔ |
| بچے | خوف، ذہنی دباؤ، تعلیمی تعطل، غذا کی کمی اور گھر کے افراد کے انتقال کا غم۔ | سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں اسکولوں کو پناہ گاہوں کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ، بچے کلاسوں سے محروم ہو جاتے ہیں اور وہ ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ |
| معذور افراد | نقل و حرکت میں دشواری، انخلا کے راستوں تک محدود رسائی کے مسائل، محفوظ پناہ گاہوں کی کمی دیکھ بھال کرنے والوں کی ضرورت اور ایک دوسرے سے رابطہ کرنے میں مشکلات۔ | سیلاب اور زلزلے کے دوران ، جسمانی معذوری والے بہت سے افراد مدد کے بغیر اینچی یا محفوظ جگہوں پر جانے سے قاصر ہوتے ہیں، اور پناہ گاہوں میں اکثر ریمپ ، وہیل چیئر اور قابل رسائی واش روم کی کمی ہوتی ہے |

سرگرمی :

## کہانیوں پر غور ۔ سب سے زیادہ مشکل کس کو پیش آتی ہے؟

شرکاء: بوائے و رووراسکاؤٹس

### قسم لازمی

مقصد:

شرکاء کو یہ پہچانے میں مدد دینا کہ خواتین، بچے اور معذور افراد اکثر آفات کے دوران زیادہ کمزور ہوتے ہیں اور انہیں خصوصی توجہ اور مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

:مراحل

- اسکاؤٹ لیڈر ایک مختصر کہانی پڑھتا یا سناتا ہے جس میں کسی خاندان یا کمیونٹی کو آفت سیلاب، زلزلہ یا گرمی کی لہر کا سامنا ہوتا ہے۔
- کہانی کے بعد شرکاء سے مختلف سوالات پوچھے جائیں گے۔
- بحث کا خلاصہ کرتے ہوئے بچوں، خواتین اور معذور افراد میں جسمانی، جذباتی اور سماجی کمزوریوں کو اُجاگر کیا جائے گا۔

### کہانی 1:سیلاب کی رات

تین دن سے ایک چھوٹے سے گاؤں میں بارش ہو رہی تھی۔ دریا اُبل پڑا اور پانی گھروں میں داخل ہونا شروع ہوگیا۔ ایک ماں عائشہ نے جلدی سے اپنے تین بچوں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ اس کا شوہر دوسرے شہر میں کام پر تھا۔ اس نے سب سے چھوٹے بچے کو اٹھایا اور باقی دو کے ہاتھ پکڑ کر اسکول کی عمارت کی طرف بڑھنے لگی جو پناہ گاہ کے طور پر استعمال ہو رہی تھی۔ پانی پہلے گھٹنوں تک اور پھر کمر یک پہنچ گیا۔ بچے خوفزدہ اور رو رہے تھے۔ آخر کار جب وہ پناہ گاہ پہنچی تو عائشہ تھکی ہوئی تھی ۔ اگلی صبح رضا کار کھانا اور صاف پانی لے کر آئے، تو اس نے اپنی تھکاوٹ کے باوجود، دوسری ماؤں کو تسلی دی رضا کاروں کے ساتھ مل کر کھانا بانٹا۔ بعد میں اس نے کہا: ”اگر مجھے پہلے سیلاب کی حفاظت کے بارے میں معلوم ہوتا تو میں بہتر تیاری کر سکتی تھی۔ “غور و فکر کے سوالات۔

:غور و فکر کے سوالات

- اس کہانی میں سب سے زیادہ مشکل کس نے اٹھائی؟
- عائشہ کو ایک عورت اور ماں کے طور پر کن مشکلات کا سامنا ہوا؟
- اسکاؤٹس کو ایسے خاندانوں کی مدد کیسے کر سکتے ہیں؟

## کہانی 2: زلزلے کی صبح

صبح سویرے خیبر پختونخوا کے ایک چھوٹے قصبے میں زمین ہلنے لگی۔ 12 سالہ سعدیہ اپنی دادی اور چھوٹے بھائی کے ساتھ گھر پر تھی۔ والد کام پر تھے اور والدہ ناشتہ بنا رہی تھیں۔

جھٹکے بڑھتے گئے، برتن گر گئے اور دیواروں میں دراڑیں پڑ گئیں۔ والدہ نے آواز دی گھر سے باہر نکل جاؤ سعدیہ نے اپنے بھائی کو باہر دوڑنے میں مدد دی اور دادی کا ہاتھ پکڑا۔ باہر آکر دیکھا کہ دادی کانپ رہی تھیں اور رو رہی تھیں، ان کی دوائی اندر رہ گئی تھی۔ زلزلے کے بعد سعدیہ اور اس کا خاندان بغیر پانی اور کھانے کے دن بھر باہر رہا۔ بعد میں قریبی اسکول کے بوائے اسکاؤٹس ابتدائی طبی امداد اور پانی لے کر پہنچے۔

### غور و فکر کے سوالات:

خواتین، بچوں اور بزرگوں کو کن مشکلات کا سامنا ہوا ؟
اس کہانی میں بوائے اسکاؤٹس نے کیا کردار ادا کیا ؟
وہ اور کیا اقدامات کر سکتے تھے ؟

## کہانی 3: حمزہ اور بڑھتا ہوا پانی

حمزہ ایک 11 سالہ لڑکا ہے جو سکھر کے قریب ایک گاؤں میں رہتا ہے۔ وہ ذہنی طور پر معذور ہے جس کی وجہ سے اچانک ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنا اور پیچیدہ ہدایات پر عمل کرنا اس کے لیے مشکل ہوتا ہے۔ جولائی کی ایک شام شدید مون سون کی بارشوں کے باعث دریا میں طغیانی آگئی۔ پانی تیزی سے گھروں میں داخل ہونا شروع ہو گیا اور لوگ اسکول کی عمارت کی طرف جلدی جلدی جانے لگے، جو پناہ گاہ کے طور پر استعمال ہو رہی تھی۔

حمزہ کی ماں نے اسے سمجھانے کی کوشش کی کہ کیا ہو رہا ہے، لیکن حمزہ بہت زیادہ گھبرا گیا۔ و بار بار اپنا پسندیدہ کھلونا مانگنے گیا اور گھر چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ باہر موجود شور، چیخ و پکار اور بھاگ دوڑ نے اسے اتنا خوفزدہ کر دیا کہ اس نے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے اور رونے لگا۔ حمزہ کی ماں بہت مشکل میں پھنس گئی کہ وہ ایک طرف ضروری سامان بچائے اور دوسری طرف حمزہ کو سنبھالے۔

اسی دوران ایک پڑوسن، جو حمزہ کو اچھی طرح جانتی تھی، مدد کے لیے آگے آئی۔ اس نے آہستہ اور پرسکون انداز میں، مختصر جملوں کا استعمال. کرتے ہوئے کہا

حمزہ، چلو بڑے اسکول میں کھیلنے چلتے ہیں۔ تمہارا کھلونا بھی ہمارے ساتھ جائے گا۔

اس نے حمزہ کو اس کا کھلونا دیا اور اس کا ہاتھ تھام لیا۔ اس سادہ سی تسلی نے حمزہ کو محفوظ محسوس کروایا اور وہ چلنے پر آمادہ ہو گیا۔ پناہ گاہ میں رضا کاروں نے حمزہ اور دیگر ایسے بچوں کے لیے ایک خاموش گوشہ بنایا جو شور کی وجہ سے پریشان ہو رہے تھے۔ بعد میں حمزہ کی ماں نے کہااگر ہمارے پاس حمزہ جیسے بچوں کے لیے پہلے سے کوئی لائحہ عمل ہوتا تو یہ سب کچھ کہیں زیادہ آسان ہوتا ہے۔

اس تجربے نے کمیونٹی کو یہ سکھایا کہ جامع تیاری (Inclusive Preparedness) کا مطلب صرف جسمانی تحفظ نہیں بلکہ جذباتی اور ذہنی ضروریات کو بھی پیش نظر رکھنا ہے۔

### غور و فکر کے سوالات:

حمزہ اور اس کی ماں کو کن مشکلات کا سامنا ہوا ؟
کمیونٹی ذہنی معذور بچوں کی مدد کیسے کر سکتی ہے؟
خاندان اور کمیونٹیز آفات کے دوران ذہنی معذوری رکھنے والے بچوں کی مدد کے لیے کیا اقدامات کر سکتی ہیں؟

## کہانی 4: سیلاب اور بلال کی ویل چیئر

بلال ایک 15 سالہ لڑکا ہے جو راجن پور کے قریب ایک چھوٹے سے گاؤں میں رہتا ہے۔ وہ وہیل چیئر استعمال کرتا ہے کیونکہ دو سال پہلے ایک حادثے میں اس کی ریڑھ کی ہڈی کو نقصان پہنچا تھا۔ جولائی کی ایک شام شدید مون سون کی بارشوں کے باعث دریا میں طغیانی آ گئی۔ پانی تیزی سے گھروں میں داخل ہونا شروع ہو گیا۔ بلال کے والد دوسرے شہر میں کام کے سلسلے میں گئے ہوئے تھے، اور گھر میں بلال، اس کی چھوٹی بہن اور ماں اکیلے تھے۔

جب پانی گھٹنوں کی سطح تک پہنچ گیا تو بلال کی ماں کو کیچڑ سے بھری گلی میں اس کی وہیل چیئر دھکیلنے میں شدید مشکل پیش آئی۔ وہیل چیئر کے پہیے بار بار پھنس جاتے تھے۔ پڑوسی اسکول کی عمارت کی طرف بھاگ رہے تھے جو پناہ گاہ کے طور پر استعمال ہو رہی تھی ، لیکن کسی نے یہ نہیں سوچا کہ بلال وہاں تک کیسے پہنچے گا۔ بلال کی ماں نے اسے اٹھانے کی کوشش کی، مگر وہ تھک چکی تھی اور خوفزدہ بھی تھی۔ آخر کار محلے کے دو اسکاٹس نے اُس کی پریشانی دیکھ لی ۔ انہوں نے مل کر بلال کو ایک چارپائی پر اٹھایا اور اس کی ماں اور بہن کے ساتھ پناہ گاہ تک پہنچایا۔ جب وہ وہاں پہنچے تو بلال نے دیکھا کہ اندر جانے کے لیے کوئی ریمپ موجود نہیں تھا، صرف سیڑھیاں تھیں۔ رضا کاروں نے فوراً لکڑی کے تختوں کی مدد سے ایک عارضی ریمپ بنالیا تاکہ بلال کی کرسی محفوظ طریقے سے اندر جا سکے۔

:اس رات بلال نے آہستگی سے کہا

اگر میرے جیسے لوگوں کے لیے پہلے سے کوئی سوچتا تو یہ اتنا مشکل نہ ہوتا ۔

اس کی بات نے علاقے کے لوگوں کو یہ احساس دلایا کہ آفات سے بچاؤ کی منصوبہ بندی میں معذور افراد کو شامل کرنا کتنا ضروری ہے۔

### غور و فکر کے سوالات:



سیلاب کے دوران بلال اور اس کے خاندان کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

کمیونٹی معذور افراد کے لیے بہتر تیاری کیسے کر سکتی تھی ؟

آفات سے پہلے اور دوران اسکاؤٹس معذور افراد کی مدد کے لیے کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

اگلی بار انخلا کو آسان بنانے کے لیے خاندان یا کمیونٹی پہلے سے کیا تیاری کر سکتی ہے ؟

سرگرمی :

### مددگار ہاتھوں کی دیوار

(معذور افراد کے ساتھ حساس اور باعزت رویہ اپنانا)

شرکاء:اسکاؤٹ

### نوعیت:اختیاری

اسکاؤٹ کو اس بات پر غور کرنے کی ترغیب دینا کہ وہ آفات کے دوران خواتین، بچوں اور معذور افراد کی مدد کے لیے کون سے عملی اور قابلِ عمل اقدامات کر سکتے ہیں۔

## مراحل

1۔ ہر شرکاء کو ایک کاغذ دیا جائے اور ان سے کہا جائے کہ وہ اپنا ہاتھ ٹریس کریں اور اسے کاٹ لیں۔

2۔ ہاتھ کے اندر وہ ایک سادہ سا عمل لکھیں جو وہ آفات کے دوران خواتین، بچوں اور معذور افراد کی مدد کے لیے کر سکتے ہیں۔ جیسے کہ:

- صاف پانی فراہم کرتا
- فرسٹ ایڈ فراہم کرنا ہے
- متاثرین کے جذبات سمجھنے کی کوشش کرنا اور اس کے مطابق مدد دینا
- بچوں کو تسلی دینا
- بزرگ خواتین/مرد کو انخلا میں مدد کرنا

3۔ تمام ہاتھوں کو دیوار یا چارٹ پیپر پر چسپا کر کے **مددگار ہاتھوں کی دیوار** بنائیں۔



سرگرمی :

## سیفٹی سرکل گیم

شرکاء:اسکاؤٹ

**قسم:اختیاری**

ٹیم ورک اور تحفظ کی اہمیت کو بتانااور یہ سمجھانا کہ آفات کے دوران خواتین ، بچوں اور معذور افراد کی مدد کیسے کی جاسکتی ہے۔

### مراحل:

- اسکاؤٹس کو دو دائروں میں کھڑا کریں۔ جو ایک کے اندر ایک ہو۔
- چند شرکاء کو اندرونی دائرے میں کھڑا کریں ۔ یہ خواتین، بچوں اور معذور افراد کی نمائندگی کریں گے۔
- باقی شرکاء بیرونی دائرہ بنائیں ۔ یہ دائرہ اسکاؤٹس کی نمائندگی کرے گا ۔
- اسکاؤٹ لیڈر مختلف آفات کے حالات بتائے (مثلا سیلاب، زلزلہ، آگ) ۔
- بیرونی دائرہ عملی طور پر دکھائے کہ بوائے اسکاؤٹس اندرونی دائرے کو کیسے تحفظ اور مدد فراہم کرسکتے ہیں۔
- مثلا حفاظتی حصار بنانا، محفوظ مقام تک رہنمائی کرنا، پانی فراہم کرنا)۔
- کردار تبدیل کریں تاکہ ہر شرکاء دونوں دائرے کا تجربہ حاصل کریں

### NEOC کی ابتدائی انتباہات/الرٹس پر ردعمل

پاکستان کا ڈیجیٹل قومی مرکز جو موسمی، زمینی اور دیگر خطرات سے متعلق معلومات ، تجزیہ اور ابتدائی اطلاعات فراہم کرتا ہے۔

مقاصد:Objectives

- اس حصے کے اختتام پراسکاؤٹس اس قابل ہوں جائیں گے کہ وہ
- NEOC کا مطلب اور اس کی اہمیت سمجھ لیں گے
- کسی بھی قسم کی آفت کےرونما ہونے سے پہلے، دوران اور بعد میںNEOC کے کردار کی وضاحت کر سکیں
- اس بات کی نشان دہی کر سکیں گے کہ NEOCسے معلومات کمیونٹی کی سطح تک کس طرح پہنچتی ہے
- ابتدائی وارنگ کی ترسیل اور رابطہ کاری میں بوائے اسکاؤٹس کے کردار کو پہچان سکیں گے۔

### 1. NEOC کیا ہے؟

NEOC دن رات، ہر وقت کام کرتا ہے تاکہ

- مستقبل میں آنے والی آفات کی نشاندہی کی جا سکے۔
- متعلقہ اداروں کو بروقت وارننگز اور الرٹس فراہم کیے جائیں تاکہ وہ تیاری اور منصوبہ بندی کر سکیں۔
- قومی اداروں کو آفت کے اثرات کے لیے تیار کیا جا سکے اور جلد بحالی میں مدد دی جا سکے۔
- ملک میں ہونے والے جانی اور مالی نقصان کو کم کیا جا سکے۔
- مختلف ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام تک پیغام رسانی ممکن بنائی جا سکے۔
- وفاقی، صوبائی اور ضلعی اداروں کے درمیان بہتر رابطہ اور ہم آہنگی قائم کی جا سکے۔

## 2. NEOC کیوں ضروری ہے؟

NEOC درج ذیل طریقوں سے مدد فراہم کرتا ہے:

| | |
|---|---|
| بروقت اطلاع دے کر جانیں بچانے میں مدد دیتا ہے۔ | درست معلومات فراہم کر کے افواہوں سے بچاتا ہے۔ |
| تمام متعلقہ محکموں کی سرگرمیوں کو مربوط کر کے مسائل کو کم کرتا ہے۔ | حالات کے مطابق عملی اقدامات کی راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ |
| بحالی کے دورانیے کو مختصر کرنے کے لیے فوری رد عمل اور امداد کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ | |

## 3. NEOC درج ذیل اداروں سے منسلک ہے:

| | |
|---|---|
| وزیر اعظم آفس اور اہم وفاقی وزارتیں | نجی ادارے / صنعتیں |
| صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (PDMAs) | عالمی ادارے |
| ضلعی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (DDMAs) | سفارتی برادری |
| سروے آف پاکستان، تکنیکی ادارے جیسے NHA, PMDاورSUPARCO | بیرون ملک مکین پاکستانی |
| ریسکیو ادارے، مسلح افواج، این جی اوز اور رضا کار | |

## 4. NEOC کیسے کام کرتا ہے؟

| DRM کے مراحل | NEOC کا کردار |
|---|---|
| روک تھام / تخفیف خطرہ | گزشتہ آفات اور موسمی رجحانات کے اعداد و شمار کو استعمال کر کے بہتر منصوبہ بندی کرتا ہے۔ |
| تیاری | آفات کی تیاری سے متعلق ہدایات اور بروقت اطلاع دیتا ہے۔ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اجلاس منعقد کرتا ہے اور مشقی سرگرمیاں منعقد کرتا ہے۔ |
| ھنگامی رد عمل | بر وقت حالات کے بارے میں اطلاع دیتے ہوئے ہنگامی رابطہ کاری اور امدادی کاروائیوں کو متحرک کرتا ہے۔ |
| بحالی | قومی رد عمل کا جائزہ لینا، آئندہ کے لیے تیاری کو بہتر بناتااور بحالی کے لیے منصوبہ بندی کرتا ہے۔ |




**اسکاؤٹ لیڈر کے لیے نوٹ:** حصے کو پہلے سکھائے گئے (DRM)سلسلہ کے ساتھ جوڑ کر سمجھائیں۔

## 5. ابتدائی انتباہات اور معلومات کا طریقہ
(NEOCسے کمیونٹی تک)
آسان الفاظ میں وضاحت کریں :

- NEOC ابتدائی وارننگ جاری کرتا ہے جو درجہ ذیل زرائع سے پھیلائی جاتی ہے: SMS،سوشل میڈیا،ٹی وی اور ریڈیو"NDMA Disaster Alert" موبائل ایپ کے ذریعے عوام تک پہنچتی ہیں۔

**اور خاص طور پر**

- صوبائی، ضلعی اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی جاتی ہیں۔
- مساجد، اسکولوں، ریڈیو،ٹی وی اورکمیونٹی واٹس اپ گروپس کے ذریعے حفاظتی پیغامات پہنچائے جاتے ہیں۔

## 6. NEOC کی معاونت میں اسکاؤٹس کا کردار

اسکاؤٹس اور علاقے کے لوگوں اور سرکاری اداروں کے درمیان ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**آفت،خطرات سے پہلے:**

- (NDMA/NEOC) کی اطلاعات ، خاندان اور علاقے کے لوگوں کے ساتھ شیئر کریں گے۔
- اسکاؤٹس علاقے کے لوگوں کو ابتدائی انتباہی پیغامات سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- گھر والوں کے ساتھ مل کر خطرات سے نپٹنے اور گو بیگزبنانے میں مدد کرتے ہیں۔
- بزرگوں،اساتذہ اور مقامی اداروں کو خطرات کی صورت میں بروقت اطلاعات دیتے ہیں۔




### آفت،خطرات کے دوران

- اسکاؤٹس سرکاری ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔
- بچوں،بزرگوں اور کمزور افراد کو پر سکون رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- ہدایات کے مطابق ممکن محفوظ اور منظم انخلا میں مدد کرتے ہیں۔
- افواہوں سے گریز کرتے ہیں اور صرف درست معلومات شیئر کرتے ہیں۔

### آفت،خطرات کے بعد

- بنیادی ضروریات کے جانچنے میں مدد کرتے ہیں۔
- نفسیاتی سماجی اور تعلیمی امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔
- مؤثر اور غیر مؤثر امدادی سرگرمیوں کے بارے میں رائے اور بہتری کی نشاندہی کرتے ہیں۔

سرگرمی :

## NEOC Simulation

شرکاء:شاہین اسکاؤٹس،بوائے اسکاؤٹس و روور اسکاؤٹس

### مقصد NEOC کا حادثات کے دران کیا کردار ہے:

### طریقہ کار:

### 1. اسکاؤٹس کے پٹرولز بنائیں

- ٹیم NEOC
- موبائل ایپ NDMA Disaster Alert
- علاقے کے لوگ
- بوائے اسکاؤٹس

### 2.NEOC ٹیم ایک منظر نامہ بیان کرے۔

- سندھ میں شدید مون سون بارشوں کا امکان
- کراچی کے لیے شدید گرمی کی اطلاع
- کے پی کے دریاؤں میں سیلاب کا خطرہ

### 3. NDMA Disaster Alert ایپ ٹیم

- (این ڈی ایم اے) ڈیزاسٹر الرٹ موبائل ایپ پر اطلاعات جاری کرنے کی مشق کریں جیسے: سیلاب کی بروقت اطلاع، گرمی کی شدت ، اور حفاظتی ہدایات واضح مختصر اور آسان پیغامات تیار کریں۔
- اس بات کا فیصلہ کریں کہ علاقے کے لوگوں کے ساتھ کون سی معلومات کا اشتراک کیا جائے۔
- پیغامات کو مختصر، واضح اور آسان بنایا جائے۔
- حفاظتی پیغامات اسکاؤٹس ان تک پہنچائیں۔

### 4. اسکاؤٹس

- الرٹس وصول کریں گے
- انہیں آسان الفاظ میں علاقے کے لوگوں کو بتائیں گے۔
- اسکاؤٹس مشقی سرگرمی منعقد کریں گے جسے سیلاب شدید گرمی سے بچاؤ کے اقدامات کی وضاحت، انخلاء کے راستے محفوظ پانی اور
- صفائی کے بارے میں مشورے دیں گے۔
- مشق کے دوران بچوں اور کمزور افراد کی مدد کریں گے۔

## 5. علاقے کے لوگ

- اسکاؤٹ کے کے ذریعے اطلاع وصول کریں گے۔
- سوالات کے ذریعے ممکنہ خدشات کا اظہار کریں گے ۔
- اسکاؤٹس کی مدد کے ذریعے انخلا کے لیے بہتر فیصلہ لیں گے ۔

## آخر میں پوچھیں

- علاقے کے لوگوں سے رائے لیں کہ آیا انتباہات بروقت اور قابل فہم تھی۔
- کون سی معلومات سب سے زیادہ اہم تھی ؟
- اگر معلومات دیر سے یا غلط دی جائیں تو کیا ہو سکتا ہے ؟

**سرگرمی:**

### اطلاع یا افواہ؟(میڈیا/آگاہی)

شرکاء: اسکاؤٹس

**مقصد:**




یہ سیکھنا کہ NEOC غلط معلومات کو روکنے میں کیسے مدد کرتا ہے۔

طریقہ کار(Steps) ٹرینر شرکاء میں ابتدائی وارننگ سے متعلق مختصر پیغامات تقسیم کرے اور درج ذیل 3 اصولوں پر تصدیق کے اصول متعارف کروائے

- ذریعہ(Source) کیا یہ پیغام NDMA / NEOC یا کسی سرکاری ادارے کی طرف سے ہے ؟
- پیغام(Message) کیا پیغام واضح طور پر رہنمائی فراہم کر رہا ہے؟
- پلیٹ فارم (Platform) : کیا یہ پیغام کسی سرکاری موبائل ایپ، ٹی وی، ریڈیو یا تصدیق شدہ اکاؤنٹ کے ذریعے سے آیا ہے؟

### اس کے بعدفیصلہ کیا جائے کہ:

- سرکاری الرٹ NDMA / NEOC کی جانب سے ✓ یا
- افواہ / غیر مصدقہ معلومات X

### مثال کے طور پر:

- موبائل ایپ نے دریائے سندھ کے لیے سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے "NDMA Disaster Alert" یا ✓
- کسی نے کہا ہے کہ ڈیم ٹوٹ گیا ہے ۔ فورا آگے شیئر کریں اہم X

### اہم پیغام:

NDMA / NEOC کے سرکاری ذرائع پر ہی اعتماد کریں۔

### اسکاؤٹس کے لیے اہم نکات (Key Takeaway)

- NEOC ایک منظم اور مربوط ڈیزاسٹر مینجمنٹ نظام کی نمائندگی کرتا ہے
- اسکاؤٹ درست معلومات پہنچانے والا اور قابل اعتماد رہنما ہوتا ہے
- بروقت اور درست معلومات سے زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں اور متاثرہ علاقے کے لوگوں میں بے چینی کو کم کیا جا سکتا ہے۔
- علاقے کے لوگوں کی شمولیت سے قومی رد عمل کے نظام کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

### بیج اسیسمنٹ سے ربط (Link to Badge Assessment)

اسکاؤٹس درج ذیل طریقوں سے اپنی سیکھنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کر سکتے ہیں :

- NEOC کو سادہ الفاظ میں بیان کرنا۔
- NEOC کے کسی ایک الرٹ کو اپنے گھر والوں یا علاقے کے لوگوں کے ساتھ شیئر کرنا۔
- NEOC سمیولیشن سرگرمی میں حصہ لینا۔
- DRM جرنل میں لکھیں

””میں اپنی علاقے کے لوگوں میں ابتدائی وارنگ کی ترسیل اور رابطہ کاری میں کیسے مدد کر سکتا ہوں ؟

**ابتدائی وارنگ (Early Warning) وضاحت:** ابتدائی انتباہات سے مراد وہ پیشگی اطلاعات ہیں جو کسی ممکنہ آفت سے پہلے دی جاتی ہیں تاکہ لوگ بروقت اور محفوظ اقدامات کر سکیں۔ پاکستان میں عام طور پر استعمال ہونے والی اور اہم ابتدائی وارنگز درج ذیل ہیں

**موسمی اور آب و ہوا سے متعلق وارنگز**

**سیلاب کی ابتدائی وارنگ :**شدید بارش، دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ، ڈیم کے پانی کے اخراج کی اطلاع

**طوفان / سمندری طوفان کی وارنگ:** تیز ہوائیں، سمندری لہروں میں اضافہ، ساحلی علاقوں کے لیے انتباہ

**شدید گرمی (ہیٹ ویو) کی وارنگ:** غیر معمولی طور پر زیادہ درجہ حرارت کی پیش گوئی۔

**خشک سالی کی وارنگ:** کم بارش، پانی کی کمی کے اشارے۔

**شدید سردی (کولڈ ویو) کی وارنگ:** انتہائی سرد موسم پڑنے کی اطلاع

### زمینی (ارضیاتی) وارننگز

زلزلے کی ابتدائی وارنگ: ابتدائی زلزلہ لہروں کی نشاندی (چند سیکنڈ کی پیشگی اطلاع)

لینڈ سلائیڈنگ کی وارنگ: شدید بارش اور کمزور یا غیر مستحکم پہاڑی ڈھلوانیں۔

(GLOF)گلیشیئر جھیل کے پھٹنے کی وارنگ: خاص طور پر گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے علاقوں میں۔

## ماحولیاتی اور صحت سے متعلق وارننگز

جنگلات میں آگ لگنے کی وارنگ: زیادہ درجہ حرارت، خشک موسم، دھوئیں کی نشاندہی
بیماریوں کے پھیلاؤ کی وارننگ: جو اکثر سیلاب، شدید گرمی یا ناقص صفائی کے بعد سامنے آتی ہے

## کمیونٹی پر مبنی ابتدائی وارننگ کے ذرائع

- پاکستان این ڈی ایم اے کی Disaster Alert موبائل ایپ
- مساجد کے لاؤڈ اسپیکر یا سائرن۔
- موبائل ایس ایم ایس الرٹس
- ریڈیو اور ٹی وی پر اعلانات
- کمیونٹی رضا کار اور بوائے اسکاؤٹس اور گرل گائیڈز۔
- جھنڈوں یا رنگوں کے ذریعے اشارے۔

## بروقت انتباہی نظام

**مختصر وضاحت :**

- پیشگی وارننگ لوگوں کو آفات سے پہلے رد عمل کے لیے تیار کرتی ہے۔
- پاکستان میں این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ ایپ (NDMA Disaster Alert App) اور پی ڈی ایم اے سسٹم ( PDMA System) سیلاب ، زلزلے ، گرمی کی لہروں اور طوفانوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات سے آگاہ کرتے ہیں۔

## وارننگ کے بعد اہم اقدامات:

باخبر رہیں (ریڈیو ، این ڈی ایم اے ایپ ، سوشل میڈیا) اور این ڈی ایم اے پی ڈی ایم اے سے ایس ایم ایس الرٹس ۔

اپنے اہل خانہ اور پڑوسیوں کو مطلع کریں :

- گو بیگ اور ضروری اشیاء تیار رکھیں
- اگر مسجد میں ایسا کوئی اعلان ہو جائے تو فورا محفوظ علاقوں میں منتقل ہو جائیں

سرگرمی :

## ہنگامی حالات کی مشق (Alert Simulation Game)

شرکاء : اسکاؤٹس

### نوعیت لازمی

مقصد

الرٹ وارننگ ملتے ہی فوری اور درست رد عمل کی مشق۔

”طریقہ :ٹرینر مختلف ہنگامی حالات کا نام پکاریں گے ۔ سیلاب وارننگ “ ” زلزلہ کا الرٹ“، ہیٹ ویو
اسکاؤٹس فوری عملی ردِ عمل دیں گے:۔

- سیلاب : کمرے میں اونچی جگہ پر منتقل ہوں۔
- زلزلہ : ڈراپ ، کور ، ہولڈ
- گرمی کی لہر: سایہ تلاش کرنے اور پانی پینے کا مظاہرہ کریں۔

اسکاؤٹ لیڈر درست اور فوری رد عمل کی تعریف کرتا ہے ۔
اہم پیغام: ہمیشہ چوکس رہیں اور وارننگز ملتے ہی فوری رد عمل دیں

سرگرمی :

## وارننگ سگنلز فوراً عمل کریں

شرکاء : اسکاؤٹس

**نوعیت لازمی**

ضروری مواد :

:تصویری کارڈز (بارش، دھوپ، زمین کا ہلنا، پانی کا بڑھنا، سائرن،SMS ، سیٹی) اور رنگین دائرے / کاغذ

- سبز: محفوظ
- پیلا: ہوشیار
- سرخ : خطرہ

1. لیڈر وضاحت کرے
2. Early warning کا مطلب ہے خطرہ آنے سے پہلے کوئی اشارہ یا اطلاع مل جاتا، تاکہ ہم محفوظ رہ سکیں۔"
3. مثالیں دکھائیں :

سیاہ بادل ← سیلاب کی وارننگ
تیز ہوائیں ← طوفان کی وارننگ
زمین کا ہلنا ← زلزلہ

4. اسکاؤٹس دائرے کی شکل میں کھڑے ہوں ۔
5. لیڈر کوئی وارننگ کارڈ دکھائے یا کوئی سگنل دے (مثلاً سائرن / سیٹی کی آواز)
6. لڑکوں کو یہ کرنا ہوگا :

- درست رنگ والا کارڈ / دائرہ اوپر کرنا
- محفوظ عمل کی اداکاری کرنا (safe action act out)

| Action | Color | Warning Signal |
|---|---|---|
| اونچے مقام پر چلے جائیں | | تیز بارش کے دوران |
| تیزی سے محفوظ جگہ کی طرف جائیں | | بڑھتا ہوا پانی |
| جھک جائیں، ڈھانپ لیں، مضبوطی سے پکڑ لیں Drop, Cover, Hold | | زمین کا ہلنا |
| پانی پئیں، سایہ میں رہیں | | شدید گرمی |
| سنیں اور ہدایات پر عمل کریں | | Siren/SMS |

**لیڈر مختلف جگہوں کی طرف اشارہ کرے :**

- دریا کا کنارہ
- مضبوط عمارت
- کھلا میدان

اسکاؤٹس محفوظ " یا" غیر محفوظ " پکاریں اور وجہ بھی بتائیں کہ کیوں۔

سرگرمی :

**ہنگامی رابط- کس کو مطلع کرنا چاہیے اور شجر اطلاعات**

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس وروور اسکاؤٹس

**نوعیت اختیاری**

مقصد :

ہنگامی حالات کے دوران کمیونیکیشن کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا اور ایک سادہ فون شجر اطلاعات کا استعمال کرتے ہوئے لوگوں تک فوری اطلاع پہنچانے کی صلاحیت کو بہتر بنانا۔

**پہلا مرحلہ :** آپ سب سے پہلے کس کو اطلاع دینگے ؟

اقدامات :

ٹرینز کہے گا کہ: " آپ کو ابھی سیلاب کی وارنگ ملی ہے۔ آپ پہلے کس کو فون کریں گے ؟

اسکاؤٹس 3 افراد کی فہرست بنائیں گے جنہیں وہ مطلع کریں گے (والدین،اسکول،پڑوسی،یا مقامی حکام)

اس بات پر گفتگو کریں کہ مواصلات اہم ہیں اور کس طرح صحیح لوگوں کو فوری طور پر مطلع کرنے سے جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔

## دوسرا مرحلہ : شجر ہنگامی حالات (Emergency Phone Tree)

**اقدامات:**

- ہر اسکاؤٹ 3 افراد کے نام لکھے گا جن سے انہیں ہنگامی صورت حال میں رابطہ کرنا چاہیے ۔
- ایک گروپ" کال چین" بنائیں جہاں ہر ممبر دو افراد کو مطلع کرنے کا ذمہ دار ہو ۔
- ایک فرضی مشق کریں: ٹرینز فلڈ الرٹ !" کا اعلان کرے اور شرکاء فون ٹری کے ذریعے پیغام کو تیزی سے منتقل کریں




سرگرمی :

## ذاتی / فیملی گو بیگ(Go Bag)اور شجر اطلاعات

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس وروور اسکاؤٹس

### نوعیت لازمی

مقصد : اس بات کو یقینی بنانا کہ ہنگامی حالات مثلا سیلاب، زلزلہ، آگ کی صورت میں خاندان کا ہر فرد محفوظ اور فوری طریقے انخلاء کے لیے عملی طور پر تیار ہو ۔

گو بیگ جس کو ایمرجنسی کٹ یا گو بیگ بھی کہا جاتا ہے ایک چھوٹا اور آسانی سے اٹھایا جانے والا بیگ ہوتا ہے جس میں ایسی ساری اشیاء موجود ہوتی ہیں جو ہنگامی حالات کی صورت میں 2 سے 3 دن کے لیے درکار ہو سکتی ہیں۔

آپ کے گو بیگ (Go Bag) میں کیا کیا شامل ہونا چاہیے :

اسکاؤٹس سے کہیں کہ وہ گھر میں مندرجہ ذیل اشیاء جمع کر کے رکھیں۔

### 1. بنیادی اشیاء ضرورت

- پینے کا پانی (کم از کم 2 لیٹر فی شخص)
- خشک / نمکین کھانا جیسے کہ بسکٹ ، گڑ گری دار میوے، کھجوریں وغیرہ
- اضافی بیٹریوں کے ساتھ ٹارچ لائٹ
- سیٹی (مدد کے لیے بلانے کے لیے)

### 2. صحت سے متعلق اور محفوظ رہنے کی اشیاء

- فرسٹ ایڈ کٹ (بینڈیجز، اینٹی سیپٹک ، درد کش ادویات وغیرہ)
- ذاتی ادویات (3) دن کے لئے
- فیس ماسک،سینیٹائزر،رومال،صابن

### 3. اہم دستاویزات (واٹر پروف بیگ میں)

- فرسٹ ایڈ کٹ (بینڈیجز، اینٹی سیپٹک ، درد کش ادویات وغیرہ)
- ذاتی ادویات (3) دن کے لئے

### 4. لباس اور ذاتی اشیاء

- کپڑوں کا ایک اضافی جوڑا
- ہلکا کمبل یا شال موسم کے مطابق
- دانتوں کا برش، کنگھی، تولیہ

### 5. اہم اشیاء معاونت

- چارج شدہ ، پاور بینک
- ریڈیو یا فون (تازہ ترین معلومات کے لیے)
- نقد رقم

یاد رکھیں :

- خاندان کے ہر فرد کو معلوم ہوناچاہیے کہ بیگ کہاں رکھا گیا ہے ۔
- ایک بیگ گھر پر اور دوسراچھوٹا بیگ سکول یا کام کی جگہ پر رکھیں۔
- ہر 6 ماہ بعد اسے چیک کریں اور اپ ڈیٹ کریں (میعاد ختم ہونے والی خوراک یا ادویات کو تبدیل کریں )

سرگرمی :

### ایمرجنسی کٹ ڈرل

شرکاء: بوائے سکاؤٹس و روور اسکاؤٹس

**قسم: اختیاری**

اسکاؤٹس کو یہ سمجھنے میں مدد کرنا کہ گو بیگ میں کیا درکار ہے۔




**اقدامات**

- اسکاؤٹس کو چھوٹے گروہوں میں تقسیم کریں۔۔
- ٹرینرزوضاحت کرے کہ مقامی حکومتی ادارےNDMA نےNEOCکے الرٹس کی بنیاد پر کسی مخصوص موسم میں متوقع خطرے (مثلا سیلاب/زلزلہ/شدید گرمی کے
- پیش نظر علاقے کو خالی کرنے کی ہدایت دی ہے۔
- ہر گروپ سے 10 ضروری اشیاء کی فہرست بنانے کو کہیں جو وہ ایمرجنسی کٹ میں شامل کریں گے
- 5 منٹ کے بعد، فہرستوں کا موازنہ کریں اور ان کا موازنہ ایک معیاری ایمرجنسی کٹ( مثلا پانی، فرسٹ ایڈ، فلیش لائٹ بیٹی، دوائیں،ٹارچ ،اوردستاویزات کی کاپیاں) سے کریں۔
- ہر شے کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کریں

## اسکول میں حفاظت

اسکول سیفٹی ایک منظم طریقہ کار ہے جس کا مقصد طلبہ، اساتذہ اور اسکول کے دیگر عملے کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کو یقینی بناتا ہے۔ اس کے تحت قدرتی آفات (جیسے زلزلے، سیلاب اور آگ اور انسان ساختہ ہنگامی حالات سے پیدا ہونے والے خطرات کو کم کیا جاتا ہے۔
پاکستان اسکول سیفٹی فریم ورک کے(PSSF) تحت اسکول سیفٹی پلان پر عمل درآمد کے لیے ہر اسکول میں اسکول سیفٹی کمیٹی(SSC) کا قیام لازم ہے۔ یہ کمیٹی ایک بنیادی انتظامی ٹیم ہوتی ہے جو اسکول کے حفاظتی منصوبے کی تیاری، نفاذ، نگرانی، جائزہ اور بر وقت تجدید کی ذمہ دار ہوتی ہے۔
اسکول سیفٹی کمیٹی میں اسکول کی قیادت شامل ہونی چاہیے، جیسے کہ پرنسپل بطور چیئر پرسن، اساتذہ، طلبہ اور والدین کے نمائندے، اور جہاں ممکن ہو کمیوٹی کے افراد اور ڈیزاسٹر مینیجمنٹ کے فوکل پرسنز بھی شامل کیے جائیں۔
اسکول سیفٹی کمیٹی کی ذمہ داریاں(TORS)عموماً درج ذیل ہوتی ہیں:

- خطرات اور آفات سے متعلق رسک اسیسمنٹ کی نگرانی۔
- ہنگامی تیاری کی سرگرمیوں کی نگرانی، جیسے انخلاء کی مشقیں، حفاظتی ڈرلز اور اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز(SOPs)
- اساتذہ، طلبہ اور دیگر متعلقہ افراد کی تربیت کا انتظام۔
- حفاظتی اقدامات اور ہدایات کو اسکول اور علاقے تک مؤثر انداز میں پہنچانا۔
- اسکول سیفٹی پلان کا سالانہ جائزہ لینا یا کسی حادثے کے بعد اس میں ترمیم کرنا۔
- ضلعی ڈیزاسٹر مینیجمنٹ نظام سے رابطہ قائم رکھنا تاکہ وسائل اور معاونت کو مربوط کیا جاسکے

مزید وضاحت کے لیے
Pakistan School Safety Framework (Full NDMA PSSF Document – official)
https://ndma.gov.pk/public/storage/publications/July2024/f_Rr85hNpTU9HDWPKUdb.pdf
NDMA Press Information on PSSF Implementation
https://pid.gov.pk/site/press_detail/30003



سرگرمی :

- آگ: پرسکون انداز میں باہر نکلنے کے راستے کی طرف جائیں
- سب محفوظ جگہ پر جمع ہوں اور حاضری چیک کریں کہ کوئی پیچھے تو نہیں رہ گیا۔

## نفسیاتی و سماجی سطح پر تیاری اور مدد

اگر ذہنی اور نفسیاتی صحت کا بیج پہلے نہیں کروایا گیا تو اسے DRM بیج کے حصے کے طور پر اب مکمل کروائیں۔

آفات افراد میں خوف، بے چینی اور اداسی پیدا کرتی ہیں۔ نفسیاتی و سماجی سطح پر تیاری کا مطلب یہ سیکھنا کہ ہنگامی حالات میں کیسے پرسکون رہیں، دوسروں کو تسلی دیں، اور ٹھنڈے دل و دماغ سے سوچیں۔

- گہرے سانس لیں۔
- قابل اعتماد لوگوں سے بات کریں۔
- دوسروں کی مدد کریں۔
- چھوٹے چھوٹے بھلائی کے کام کریں۔
- افواہوں اور جھوٹی خبروں سے بچیں



سرگرمی :



## گہرے سانس لینے کی مشق Calm Breathing Circle

شرکاء : شاہین، بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**

- سب اسکاؤٹس دائرے میں بیٹھیں۔
- ٹریز کہے: " ناک سے آہستہ سانس اندر لیں، منہ سے آہستہ سانس باہر نکالیں ۔
- "یہ عمل ایک منٹ تک کریں، پھر پوچھیں : " اب آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں؟
- پرسکون رہ کر انسان بہتر فیصلہ کر سکتا ہے۔

سرگرمی :



## ایک دوسرے کو سہارا دیں (Share & Support)

شرکاء : شاہین، بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**

- شرکاء سے کہیں کہ وہ ایسا موقع یاد کریں جب وہ خوفزدہ ہوتے ہوں (مثلا طوفان،زور دار گرج چمک)
- دو دو اسکاؤٹس آپس میں بات کریں کہ اس موقع پر انہیں کس بات سے بہتری محسوس ہوئی ۔
- ٹریز خلاصہ کرے: ایک دوسرے سے بات کرنے سے ہمیں حوصلہ ملتا ہے ۔

سرگرمی :




## مثبت پیغامات Positive Messages Wall

شرکاء : شاہین، بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: اختیاری**

- ہر سکاوٹ کو چپکنے والی پرچی یا کاغذ دیں۔
- کہیں کہ ایک مثبت پیغام لکھیں، مثلا :
  - ہم مل کر محفوظ رہ سکتے ہیں ۔
  - گھبرائیں نہیں ۔ آگے کا سوچیں اور تیار رہیں۔
  - ایک فرد کی مدد پوری کمیونٹی کی مدد ہے ۔
- ان پرچیوں کو دیوار پر لگا دیں۔

## حصہ سوم

# تیاری اور حفاظتی مہارتیں

اسکاؤٹس کو ترغیب دی جائے کہ وہ ماحول اور موسمیاتی تبدیلی سے متعلق دیگر بیج بھی حاصل کریں۔

مقاصد :

سیشن کے اختتام تک شرکاء :

سمجھ سکیں گے کہ موسمیاتی تبدیل آفات میں کیسے اضافہ کرتی ہے۔

ایسے اقدامات سیکھیں جن کے ذریعے ہم ماحول میں بہتری لا سکتے ہیں۔

اپنے تعلیمی ادارے یا محلے میں چھوٹے چھوٹے منصوبے بنائیں جن کے ذریعے ہم اپنے ماحول کی بہتری کی جانب بڑھیں، مثال کے طور پر درخت لگانا۔

### ابتدائی گفتگو:

پوچھیں :

- کیا آپ نے پچھلے چھ برسوں میں موسم میں تبدیلی محسوس کی ہے؟"۔
- کیا گرمیوں میں زیادہ گرمی لگتی ہے؟ کیا سیلاب یا بارشیں زیادہ ہونے لگی ہیں ؟

موسمیاتی تبدیلی کا مطلب ہے کہ ہمارا سیارہ گرم ہو رہا ہے۔ اس سے شدید سیلاب، زیادہ گرمی کی لہریں، اور پانی کی کمی جیسے مسائل بڑھتے ہیں۔ لیکن قدرت خود بھی ہماری مدد کر سکتی ہے ۔ جیسے درخت لگانا، پانی بچانا، اور مٹی کی حفاظت کرنا۔ انہیں NATURE Based Solution کہا جاتا ہے



## موسمیاتی تبدیلی آفات میں کیسے اضافہ کرتی ہے

- زیادہ درجہ حرارت:زیادہ گرمی کی لہریں اور خشک سالی
- گلیشیرز کا پگھلنا :سیلاب اور برفانی جھیل کے پھٹنے سے سیلاب (GLOF)
- جنگلات کی کٹائی:پہاڑی مٹی کے تو دے گرنا، مٹی کا بہہ جانا
- زیادہ شدید بارشیں و شہروں اور دیہاتوں میں سیلاب

مثال :

سندھ اور پنجاب میں شدید گرمی اور سیلاب کی شدت / ، عالمی سطح پر گرمی میں اضافہ اور بارشوں کے نظام میں تبدیلی کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔
سرگرمی

## موسم کی کہانی، کڑی درکڑی (Weather Story)

شرکاء : شاہین، بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

### نوعیت: لازمی

طریقہ کار دائرے میں بیٹھیں۔۔

1. سب دائرے میں بیٹھیں
2. ایک ایک شریک شروع کرے: پچھلے سال میں اتنی گرمی تھی کہ ۔۔۔
3. ہر فرد ایک لائن کا اضافہ کرے (مثلا " درخت سوکھ گئے ، پانی کم ہوگیا"، " سیلاب آگیا" وغیرہ)۔
4. ٹرینز آخر میں تمام نکات کو موسمیاتی تبدیلی سے جوڑ کر نتیجہ بیان کرے۔
5. "پھر کمرے کے دو مخالف کونوں میں دو بورڈ لگائیں: "روز مرہ کا موسم " اور "طویل مدتی موسمی تبدیلی
6. شرکاء کو کارڈز دیں، مثلا :
   a. آج بہت تیز بارش ہوئی۔
   b. ہر سال سردیاں کم ہوتی جا رہی ہیں۔
   c. پانچ دن بارش کے بعد سیلاب آیا۔
   d. اب ہر سال جون اور جولائی میں ملک شدید گرمی کی لپیٹ میں جاتا ہے ۔
7. ایک ایک کر کے شرکا اپنا کارڈ پڑھیں اور متلقہ بورڈ کے قریب کھڑے ہو جائیں۔
8. آخر میں واضح کریں کہ طویل مدتی موسمی تبدیلی کی وجہ سے موسم کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ جس سے انسانی صحت کو نقصان ہوتا ہے۔

نوٹ : موسمیاتی تبدیلی براہ راست آفت نہیں پیدا کرتی، مگر سیلاب، شدید گرمی اور خشک سالی جیسے خطرات بڑھ جاتے ہیں ، جن سے انسانوں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔

سرگرمی

## موسمیاتی تبدیلی کے اثرات Climate Domino Effect

شرکاء: شاہین، اسکاؤٹ لیڈرز

**نوعیت: لازمی**




**مقصد:** یہ دکھانا کہ ایک ماحولیاتی تبدیلی کس طرح سلسلہ وار اثرات کے ذریعے مختلف مسائل پیدا کرتی ہے۔

- ہر وجہ اور اثر الگ کارڈ پر لکھیں۔
- انہیں قطار میں رکھیں:

**درجہ حرارت میں اضافہ، گلیشیئر پگھلنا۔ سیلاب - فصلوں کا نقصان خوراک کی کمی ۔ صحت کے مسائل**

- شرکاء سے کہیں کہ پہلا کارڈ اٹھائیں اور دیکھیں کہ باقی کیسے متاثر ہوتے ہیں۔
- پھر گفتگو کریں کہ ایک چھوٹی تبدیلی کیسے بڑے اثرات پیدا کرتی ہے۔ .
- ہر گروپ کو ایک ماحولیاتی اثر دیں اور کہیں کہ اسی طرح اس ماحولیاتی اثر سے ہونے والے دیگر اثرات کو سلسلہ وار رکھیں۔ان کا پوسٹر بنا کر اپنے تعلیمی ادارے میں آویزاں کریں۔

## مفید اقدامات

شرکاء: شاہین، بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**



**مقصد:** گھر، اسکول اور کمیونٹی میں ایسے مفید اقدامات سیکھنا جن کے ذریعے ہم ماحولیاتی تبدیلی پر مثبت انداز میں اثر کر سکیں تاکہ آئندہ آنے والے نقصانات میں کمی لائی جا سکے۔

ماحولیاتی تبدیلی پر مثبت انداز میں اثر کر سکیں تاکہ آئندہ آنے والے نقصانات میں کمی لائی جا سکے۔

### حصہ (الف): بارش کے پانی کو محفوظ کرنا (Rainwater Harvesting)



بارش کے پانی کو جمع محفوظ کرنے کا تصور سمجھائیں، اوراسکاؤٹس کو ترغیب دیں کہ وہ اسے اپنے گھروں اور کمیونٹی میں بھی اس کو فروغ دیں۔

### حصہ (ب): درخت لگانا اور گھریلو سطح پر سبزیوں کی کاشت (Kitchen Gardening)

- ٹریز ز کو درختوں کے فوائد بتائیں۔
- درخت سایہ دیتے ہیں، گرمی کم کرتے ہیں، اور مٹی کے کٹاؤ کو روکتے ہیں۔
- ان کو سمجھائیں گھر کا چھوٹا سا صحن اور کونہ بھی خوراک فراہم کر سکتا ہے
- ہر گروپ گملے یا استعمال شدہ بوتل میں ایک پودا لگائے۔
- گروپ پودے کا نام رکھے اور اس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری لے۔

### حصہ (ج) توانائی کی بچت اور کچرا کم کرنا

- ضرورت نہ ہو تو لائٹس اور پنکھے بند کریں۔
- بوتلیں، کالز اور تھیلے دوبارہ استعمال کریں۔
- بچے کھچے کھانے، پھلوں اور سبزیوں کے چھلکوں سے کھاد بنانے (کمپوسٹ) کی حوصلہ افزائی کریں۔

### حصہ (د) شدید گرمی کی لہر سے بچاؤ Heat Wave Preparedness

- گرمیوں میں پانی کی بچت کریں۔
- گرم دنوں میں زیادہ پانی پیئیں۔
- سایہ دار جگہوں میں آرام کریں۔
- ہلکے اور ہوا دار کپڑے پہنیں۔
- اسکول/ کمیونٹی میں گوشتہ فرحت " بنائیں، پنکھے، پودے اور پینے کا پانی رکھیں۔

### ماحول دوست عادات چیلنج (Eco-Habit Challenge)

- گروپ کی صورت میں ایک پوسٹر یا مختصر ڈرامائی خاکہ بنائیں جس میں ایک ماحول دوست عادت دکھائیں (مثلاً "پلاسٹک سے انکار بجلی بچائیں"۔
- آویزاں کریں یا خاکہ دوسروں کے سامنے پیش کریں۔

سرگرمی

### ٹھنڈا رہنے کا منصوبہ (Stay Cool Plan)

شرکاء : شاہین، اسکاؤٹ لیڈرز

**نوعیت: اختیاری**

**ابتدا میں مختصر سوالات :**

1. "گرمی کی لہر میں کیا ہوتا ہے؟
2. "سب سے زیادہ کون متاثر ہوتا ہے ۔ بچے، بزرگ یا باہر کام کرنے والے؟ "
3. "ہم محفوظ رہنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں ؟ "
4. شرکاء کو گروپس میں تقسیم کریں ۔
5. ہر گروپ چارٹ پر اپنے اسکول علاقے کے لیے ایک "گوشہ فرحت"ڈیزائن کرے جہاں لوگ گرمی میں آرام کر سکیں۔

شامل کریں :

- - درخت / سبز سایہ
- پینے کے پانی کی جگہ / کولر ۔
- سایہ دار بیٹھک۔
- فرسٹ ایڈ بکس ۔
- گرمی سے بچاؤ کے نکات والا بورڈ۔
- ہر گروپ اپنے ٹھنڈے گوشے کا منصوبہ پیش کرے۔
- چارٹس دیوار پر لگا دیں تا کہ عملی طور پر تعلیمی اداروں میں ایسی جگہیں بنانے کی ترغیب ملے۔

سرگرمی

**Poster Making**

شرکاء : روور اسکاؤٹس

**نوعیت: لازمی**

گرمی لگنے / ہیٹ اسٹروک سے بچاؤ اور ابتدائی علاج کے بارے میں ایک پوسٹر بنائیں اور آویزاں کریں۔



# حصہ چہارم

# ایکشن پلاننگ اور بیج کا جائزہ

## سیشن کے مقاصد

سیشن کے اختتام تک اسکاؤٹ یہ سمجھ سکیں گے :

1. خطرات(Hazards) تیاری (Preparedness)، ردِ عمل(Response)، اور مشکلات کا بہادری سے سامنا،(Resilience)سے متعلق اہم سیکھنے کی باتیں یاد کر سکیں گے۔
2. (DRM)کا اسکاؤٹنگ کی اقدار سے تعلق سمجھ سکیں گے، مثال کے طور پر خدمت خلق ، انسانیت کی مد میں پہل کاری وغیرہ ۔
3. آفات کا مقابلہ کرنے کی قوت پیدا کرنے کے لیے ذاتی اور سماجی سطح پر کرنے والے اقدامات سیکھیں گے۔
4. اپنے تعلیمی ادارے اور علاقے کی سطح پر ایسے اقدامات کر سکیں گے جن سے اور لوگوں تک بھی یہ معلومات پہنچیں،اوراعلیٰ حکام تک اپنے پیغامات پہنچا سکیں، مثال کے طور پر آگاہی کی فہم اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے کس طرح اپنے منفرد انداز میں حالات کا مقابلہ کیا۔

## لازمی :

گرمی لگنے / ہیٹ اسٹروک سے بچاؤ اور ابتدائی علاج کے بارے میں ایک پوسٹر بنائیں اور آویزاں کریں۔



# اہم حقائق کی دہرائی

سرگرمی :

**ہماری کہانیاں، ہماری طاقت**

سیشن کے اختتام تک اسکاؤٹ یہ سمجھ سکیں گے :

**نوعیت: لازمی**

اسکاؤٹس کو چھوٹے گروپس میں تقسیم کریں ۔ہرگروپ کوپاکستان کے ہرگروپ کو پاکستان کے کسی حقیقی واقعے پر بنی آفت کی کہانی والا Scenario Card دیں (مثلاً 2022 کے سیلاب، 2005 کا زلزلہ، کراچی کی heat wave دیہی علاقے میں حالیہ مون سون وغیرہ)۔

**Scenario Card 1 سندھ میں 2022 کے سیلاب - جوابی نکات ضمیمہ میں موجود ہیں**

آپ دیہی سندھ کے ایک چھوٹے گاؤں میں رہنے والے خاندان کا حصہ ہیں۔ مون سون کی بارشیں مسلسل ہو رہی ہیں اور دریائے سندھ میں طغیانی آگئی ہے۔ آپ کا گھر کئی فٹ پانی میں ڈوب چکا ہے۔ آپ کے خاندان کو اپنی جگہ قائم عارضی ریلیف کیمپ میں منتقل ہونا پڑا ہے۔ کیمپ بہت بھرا ہوا ہے اور وسائل محدود ہیں۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. ریلیف کیمپ میں آپ کو فوراً کن مشکلات کا سامنا ہو گا؟
2. آپ کے خاندان اوردیگر افراد آپس میں اور دوسرے خاندانوں کی کیسے مدد کرسکتے ہیں؟
3. اس صورتحال میں زندہ رہنے اور دوسروں کی مدد کے لیے کون سی مہارتیں / علم سب سے زیادہ مفید ہوں گے ؟



## Scenario Card 2: کشمیر کا زلزلہ



آپ 8 اکتوبر 2005 کو آزاد جموں و کشمیر کے ایک دور دراز گاؤں میں رہنے والے نوجوان ہیں۔ زمین زور سے ہلتی ہے اور چند منٹوں میں آپ کے گاؤں کی زیادہ تر عمارتیں تباہ ہو جاتی ہیں۔ رابطہ لائنیں بند ہیں اور سڑکیں لینڈ سلائیڈز کی وجہ سے رکی ہوئی ہیں۔ موسم سرد ہے اور کئی لوگ ملبے کے نیچے دب گئے ہیں۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. اس لمحے آپ کا پہلا رد عمل کیا ہو گا ؟
2. بغیر کسی باقاعدہ تربیت کے بھی آپ اپنے پڑوسیوں اور خاندان کی کیسے مدد کر سکتے
3. ہیں؟

اس آفت سے آپ کی کمیونٹی مستقبل کے لیے کیا سبق سیکھ سکتی ہے تا کہ بہتر تیار ہو؟




## Scenario Card 3: کراچی کی گرمی کی لہر

جون 2015 میں رمضان کا مہینہ ہے اور کراچی میں شدید گرمی کی لہر آگئی ہے۔ درجہ حرارت بہت بڑھ گیا ہے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ بار بار اور طویل ہو رہی ہے۔ بہت سے لوگ، خصوصاً بزرگ اور بچے، لو لگنے اور پانی کی کمی سے بیمار ہو رہے ہیں۔ آپ گنجان آبادی والے علاقے میں رہتے ہیں جہاں صاف اور ٹھنڈے پانی تک رسائی محدود ہے۔




**گفتگو کے سوالات :**

1. گرمی سے خود اور اپنے گھر والوں کو محفوظ رکھنے کے لیے آپ کون سے عملی اقدامات کر سکتے ہیں؟
2. آپ اور آپ کے دوست اپنے محلے کے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے افراد کی کیسے مدد کر سکتے ہیں؟
3. کمیونٹی لیڈرز لوگوں تک مدد اور وسائل پہنچانے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

## Scenario Card 4: (مون سون کی بارشیں ( پنجاب / شہری علاقوں میں )

آپ کا خاندان پنجاب کے ایک چھوٹے گاؤں میں زراعت پر انحصار کرتا ہے۔ غیر متوقع اور شدید مون سون بارشوں نے آپ کی فصلیں اور مویشی بہا دیے ہیں جو آمدنی کا بنیادی ذریعہ تھے۔ سڑکیں بھی زیر آب ہیں جس سے امداد پہنچنا مشکل ہو گیا ہے۔ خوراک اور صاف پانی کم ہوتا جا رہا ہے۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. آمدنی کے بنیادی ذریعے کے بغیر آپ کا خاندان کیسے گزارا کرے گا؟
2. اس دوران آپ کون سی غیر روایتی مہارتیں استعمال کر کے اپنے خاندان اور کمیوٹی کی مدد کر سکتے ہیں ؟
3. آپ اور دوسرے نوجوان اپنے گاؤں سے باہر کے اداروں سے مدد اور وسائل کے لیے کیسے آواز اٹھا سکتے ہیں؟




### Scenario Card 5: خیبر پختونخوا میں 2025 کے سیلاب

آپ سوات ویلی کے ایک ہاسٹل میں رہنے والے ہیں۔ اچانک سیلابی ریلوں نے علاقے کو متاثر کیا ہے اور مرکزی پل ٹوٹ گیا ہے جو قصبے کو باقی ملک سے ملاتا تھا۔ بہت سے طلبہ پھنس گئے ہیں۔ ہاسٹل کی عمارت محفوظ ہے مگر باہر کی مقامی آبادی بری طرح متاثر ہے، گھروں اور کاروباروں کو نقصان پہنچا ہے۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. آپ اور آپ کے ساتھی طلبہ مقامی کمیونٹی کی مدد کے لیے کیسے منظم ہو سکتے ہیں؟
2. اپنی کمیونٹی کے علاوہ کسی دوسری کمیونٹی کی مدد کرنے کے فائدے کیا ہیں اور چیلنجز کیا ہو سکتے ہیں؟
3. موبائل فون وغیرہ جیسی ٹیکنالوجی مدد کی تنظیم اور معلومات کے تبادلے میں کیسے کام آسکتی ہے؟

### Scenario Card 6: پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈ

آپ سکردو کے ایک پہاڑی گاؤں میں رہنے والے ہیں۔ ایک بڑے لینڈ سلائیڈ نے گاؤں کی واحد سڑک بند کر دی ہے اور کئی دنوں سے رسائی نہیں ہو پا رہی۔ بجلی نہیں ہے اور قریبی شہر پیدل کئی میل دور ہے۔ خوراک کم ہوتی جا رہی ہے اور کچھ لوگوں کو فوری طبی مدد درکار ہے۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. آپ کی کمیونٹی وسائل کو بچانے اور موجود چیزیں منصفانہ بانٹنے کے لیے کیا کر سکتی ہے؟
2. باہر کی دنیا سے کٹ جانے کے باعث پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ کو سنبھالنے میں آپ کیسے مدد کر سکتے ہیں؟
3. آپ کے پاس کون سی مہارتیں ہو سکتی ہیں (یا آپ جلد سیکھ سکتے ہیں) جو اس تنہائی میں کمیونٹی کے کام آئیں؟

## Scenario Card 7: ساحلی سائیکلون

ایک طاقتور سمندری طوفان کی ساحلی سندھ سے ٹکرانے کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔ حکومت نے آپ کے گاؤں کے لیے اخلاء(Evacuation) کا حکم جاری کیا ہے ۔ کچھ خاندان اپنا گھر اور سامان چھوڑنے کو تیار نہیں۔ آپ اور آپ کا خاندان انخلاء کا فیصلہ کرتے ہیں اور آپ کو چند ضروری چیزیں ساتھ لے جانے کا انتخاب کرتا ہے۔

**گفتگو کے سوالات :**

1. آپ کسی پڑوسی یا دوست کو انخلاء کے لیے کیسے قائل کریں گے اور کیا کہیں گے؟
2. آپ کون سی چیزیں ترجیحاً ساتھ لے جائیں گے اور کیوں ؟
3. سرکاری وارنگ پر عمل کرنے کی اہمیت کیا ہے اور اسے نظر انداز کرنے کے نتائج کیا ہو سکتے ہیں؟



# سرگرمیوں کا مختصر جائزہ

سرگرمی :

## ذہنی آزمائش

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

## نوعیت لازمی

ہلکی پھلکی ذہنی آزمائش کے ذریعے اہم حقائق اوراسکاؤٹس کے سیکھنے کے معیار کو جانچیے۔

**نمونہ سوالات :**

**DRM کا مطلب کیا ہے؟**

a) Disaster Risk Management✓

b) Disaster Rescue Management

c) Disaster Recovery Management

**.2 ان میں سے قدرتی خطرہ کون سا ہے؟**

a) ✓سیلاب

b) شارٹ سرکٹ سے آگ

c) خود کش حملہ

**. 3 Go-Bag میں کیا ہونا چاہیے؟**

a) کھلونے

b) پرانے اخبارات

c) ✓پانی کی بوتل، فرسٹ ایڈ کٹ، ٹارچ

**. 4 زلزلہ شروع ہو تو سب سے پہلے کیا کریں؟**

a) فوراً باہر بھاگیں

b) ✓جھک جائیں، ڈھانپ لیں، مضبوطی سے تھام لیں

c) زور سے چیخیں

5. Preparedness Plan گھر کی سطح پر ہنگامی حالات کی تیاری میں کون مدد کر سکتا ہے؟

a) صرف اساتذہ

b) صرف دوست

c) ✓والدین یا سرپرست

**نمونہ سوالات :**

6. ڈیزاسٹر رسک کم کرنے کا پہلا قدم کیا ہے؟

a) ✓اپنے آس پاس کے خطرات کو سمجھنا

b) دوسروں کے عمل کا انتظار کرنا

c) چھوٹی وارننگ کو نظر انداز کرنا

7. گرمی کی لہر میں کیا کرنا چاہیے؟

a) دھوپ میں رہیں

b) ✓زیادہ پانی پینا

c) سایہ سے بچیں

8. Resillience کا مطلب کیا ہے

a) فوراً ہار مان لینا

b) ✓مشکل کے بعد دوبارہ سنبھل جانا

c) مسائل کو نظر انداز کرنا

9. آفت کے بعد دوسروں کی مدد سے متعلق اسکاؤٹنگ کی اقدار کیا ہیں ؟

a) ✓خدمت

b) خاموشی

c) مطالعہ



10. DRM آگاہی کیسے پھیلائی جا سکتی ہے؟

a) ✓پوسٹر یا مختصر پیغامات بنا کر

b) اسے راز رکھ کر

c) موضوع کو نظر انداز کر کے

سرگرمی :

## DRM Superhero Challenge

شرکاء : شاہین اسکاؤٹس، بوائے اسکاؤٹس

### نوعیت:لازمی

- نوجوانوں سے کہیں کہ وہ Disaster Superhero کی تصویر بنائیں یا بیان کریں جس کی تیاری لوگوں کو آفات سے پہلے تیار کرنےاور دوران آفت محفوظ رکھنے میں مدد دے۔
- اس کے خاص ہتھیار سوچیں مثلاً "Safety Shield", "Warning Wand" اور اس کا نعرہ لکھیں مثلا اطلاع دینے والی چھڑی، حفاظتی خول۔
- یہ سرگرمی شرکاء میں جذبہ پہل کاری کو بڑھاتی ہے۔

سرگرمی :

## DRM آگاہی مہم

شرکاء :

### نوعیت: لازمی

### الف: حفاظتی پیغامات

:پوسٹرز، فلائرز یا معلوماتی تصاویر(infographics) تیار کریں جن میں

- انخلاء کے راستے
- ایمرجنسی رابطہ کے ٹیلیفون نمبرز
- اھم حفاظتی نکات واضح طور پر درج ہوں، اور انہیں تعلیمی ادارے اور آس پاس کی کمیونٹی میں پھیلائیں۔

### ب:کمیونٹی آگاہی دن DRM Badge Challenge

شرکاء :

### نوعیت :اختیاری

1. DRM کے موضوع پر ایک Community Awareness Day کا اہتمام کریں۔
2. موضوع منتخب کریں (زلزلہ ، سیلاب، آگ، گرمی کی لہر، یا عمومی تیاری)۔
3. پوسٹر، بینرز، لیف لیٹس اور حفاظتی پیغامات تیار کریں ۔

4. عملی مظاہرے شامل کریں:

- ایمر جنسی کٹ تیار کرنا
- بنیادی فرسٹ ایڈ
- محفوظ انخلاء
- وارننگ سگنلز اور عمل

5. دلچسپ سرگرمیاں کریں

- ذہنی آزمائش
- حفاظتی کھیل
- انخلا کی مشق
- ڈرامے / رول پلے

6. مقامی اداروں کو شامل کریں (ریسکیو، ہیلتھ ورکرز، فائر بریگیڈ، پولیس)۔
7. والدین، کمیونٹی بزرگ، اساتذہ اور طلبہ کو مدعو کریں۔
8. مقامی خطرات، محفوظ مقامات اور اہم ایمر جنسی نمبرز شیئر کریں۔
9. ماحول کے تحفظ کی بات کریں (درخت لگانا، کچرا مینجمنٹ، پانی کی بچت)۔
10. خاندان کو family emergency plans بنانے اور انہیں عملی طور پر آزمانے کی ترغیب دیں۔
11. اسکاؤٹس کے کردار نمایاں کریں (فرسٹ ایڈ، ریلیف سپورٹ، آگاہی)۔
12. آخر میں شرکاء سے پوچھیں کہ انہوں نے کیا سیکھا اور اسے کیسے اپنائیں گے۔
13. DRM بیج کی شرط پوری کرنے کے لیے مختصر Report/Reflection تیار کریں۔

سرگرمی:

## DRM کو اسکاؤٹنگ کی اقدار سے جوڑنا

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

### نوعیت: اختیاری

یہ سرگرمی شرکاء کو سمجھاتی ہے کہ DRM اور اسکاؤٹنگ تحریک میں کیا اقدار (خدمت، ذمہ داری، ٹیم ورک، دوسروں کی فکر) مشترک ہیں۔
شرکاء کو گروپس میں تقسیم کریں اور گفتگو کروائیں کہ گھر، اسکول اور کمیونٹی میں خطرات کم کرنے کے لیے یہ اقدار کیسے اپنائی جا سکتی ہیں۔
عملی مثالیں دیں، جیسے خاندانی ایمر جنسی پلان بنوانا، اسکول میں حفاظتی آگاہی، اور کمیونٹی تیاری میں تعاون۔

سرگرمی :

## وعدوں کی دیوار

شرکاء: بوائے اسکاؤٹس، روور اسکاؤٹس

### نوعیت : اختیاری

مقصد : خاندان اور کمیونٹی کو DRM کے عملی اقدامات پر عہد کرنے کی ترغیب دینا۔

1. اسکول، مسجد یا کمیونٹی ہال میں ایک بڑا بورڈ دیوار تیار کریں۔
2. خاندانوں یا کمیوٹی کے افراد کو دعوت دیں کہ وہ ایک عمل لکھیں جو وہ کریں گے (مثلاً نالیاں صاف کرنا، ایمرجنسی کٹ تیار کرنا، NDMA وارننگز پر عمل کرنا)۔
3. اس دیوار کو نمایاں جگہ پر لگائیں تاکہ یہ کمیونٹی کے عزم کی علامت بنے۔
4. اختیاری: تصاویر لے کر سوشل میڈیا پر شیئر کریں تاکہ دوسروں کو ترغیب ملے۔

### ذاتی احتیاط اور سماجی ہم آہنگی :

- اپنے تعلیمی ادارے یا محلے ۔ ادارے یا محلے کے معززین سے پہلے اجازت لیں۔
- پیغامات مثبت اور ثقافتی طور پر مناسب رکھیں۔

سرگرمی :

## DRM جرنل

شرکاء : شاہین، بوائے اور روور اسکاؤٹس

### نوعیت لازمی

ہر شریک DRM بیج مکمل کرنے کے لیے DRM جرنل جمع کروائے گا، جس میں شامل ہوگا:

1. Family Preparedness Plan
2. Go-Bag Checklist
3. ذاتی یا کمیونٹی ایکشن پلان
4. ہر شریک بطور DRM Champion عہد کرے کوئی کہ وہ اپنے سکول اور کمیونٹی میں آگاہی اور حفاظت کو فروغ دے گا۔

مزید مطالعہ اور وسائل

گلوبل ڈی آر آر چیلنج بیج

/https://www.fao.org/yunga/resources/challenge-badges/drr/en

UNICEF DRR Page

https://www.unicef.org/disaster-risk-reduction-and-recovery

NDMA Official Website (Pakistan)

/https://ndma.gov.pk

# ضمیمہ عام خطرات کے لیے اہم حفاظتی نکات

| | |
|---|---|
| سیلاب (Flood) | فورا اپنی جگہ منتقل ہو جائیں، سیلابی پانی میں چلنے یا کھیلنے سے گریز کریں<br>اگر ایسا کرنا محفوظ ہو تو بجلی بند کر دیں<br>ایمر جنسی کٹ تیار رکھیں (پانی، ٹارچ، ادویات)۔ |
| خشک سالی (Drought) | ضرورت کے مطابق پانی استعمال کریں اور صاف پانی محفوظ رکھیں۔<br>روزمرہ معمولات میں پانی ضائع نہ کریں۔<br>درخت لگائیں اور ان کی حفاظت کریں۔ |
| شدید گرمی (Heatwave) | شدید گرمی کے اوقات میں گھر کے اندر رہیں۔<br>وافر مقدار میں صاف پانی اور او آر ایس استعمال کریں۔<br>زیادہ سے زیادہ سائے میں رہیں گیلا کپڑا سر کاندھوں پر رکھیں<br>بزرگوں اور بچوں کی بار بار خبر گیری کریں۔ |
| لینڈ سلائیڈ | تیز بارش کے دوران ڈھلوانی علاقوں سے دور رہیں۔<br>ڈھیلے پتھروں یا پھٹی ہوئی زمین کے قریب نہ کھڑے ہوں۔<br>گرج جیسی آواز سنائی دے تو فوراً محفوظ جگہ منتقل ہو جائیں۔ |
| آتش زنی | ہنگامی نمبر زیاد رکھیں اور بڑوں کو اطلاع دیں۔<br>ماچس اور چولہا بچوں سے دور رکھیں۔<br>فوراً باہر نکل کر مدد طلب کریں<br>دھوئیں میں نیچے جھک کر چلیں۔<br>فورا لیٹ کر زمین پر گول گول لوٹیں۔ |
| زلزلہ | جھک جائیں، ڈھانپ لیں، اور کسی مضبوط چیز کے نیچے پناہ لیں یا مضبوطی سے دروازہ وغیرہ کو پکڑلیں۔<br>کھڑکیوں اور بھاری اشیاء سے دور رہیں۔<br>جھٹکے رکنے کے بعد کھلی جگہ پر جائیں۔<br>لفٹ کی بجائے سیڑھیاں استعمال کریں |
| سمندری طوفان / آندھی | گھر کے اندر رہیں اور کھڑکیوں سے دور رہیں۔<br>بکھری ہوئی اشیاء طریقے سے ایک طرف کر دیں<br>ایمرجنسی سامان تیار رکھیں۔<br>سرکاری ہدایات پر عمل کریں اور انخلا کریں۔ |
| شدید بارش / شہروں میں | نالوں اور تیز بہتے پانی سے دور رہیں۔<br>پھسلنے سے بچنے کے لیے مناسب جوتے پہنیں۔<br>آسمانی بجلی کے دوران گھر کے اندر رہیں۔<br>گیلے ہاتھوں سے برقی آلات کو نہ چھوئیں۔ |

| | |
|---|---|
| برقی آگ | تاروں اور پلگ کو درست حالت میں رکھیں۔<br>اگر ممکن ہو تو مرکزی بجلی بند کریں ۔<br>برقی آگ پر پانی استعمال نہ کریں۔<br>فوری طور پر ہنگامی سروسز کو اطلاع دیں۔ |
| سڑک حادثات کا خطرہ | سڑک پار کرنے کے لیے جہاں ممکن ہو زیبرا کراسنگ استعمال کریں ورنہ سنبھل کر سڑک پار کریں۔<br>سڑک کے کنارے چلیں۔<br>موبائل فون استعمال کرتے ہوئے نہ چلیں۔<br>رات کے وقت نمایاں نظر انے والالباس پہنیں۔ |

## ضمیمہ اسکول سیفٹی پلان اور مشقیں(Trainers)نکات

اسکول سیفٹی پلان

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہر اسکول ہنگامی حالات اور آفات میں مؤثر ردعمل دے سکے اور طلبہ، اساتذہ اور اسکول کی املاک کو کم سے کم نقصان پہنچے

## سکول سیفٹی پلان کیا ہے؟

اسکول سیفٹی پلان ایک لائحہ عمل ہے جو اسکول کمیونٹی - پرنسپل، اساتذہ، طلبہ، اسکول سیفٹی مینجمنٹ کمیٹی(SSMC)اور پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن (PTA) کے اشتراک سے تیار کی جاتی ہے۔

اس میں معذور طلبہ کی ضروریات کو واضح طور پر شامل کیا جانا چاہیے، جیسے قابل رسائی ٹرانسپورٹ، طبی سہولیات، اور نفسیاتی معاونت۔

یہ منصوبہ زلزلہ ، آگ، سیلاب یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے پہلے، دوران اور بعد کے اقدامات کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

## اسکول سیفٹی پلان کے اہم اجزاء

**خطرات کی نشاندہی :**

اسکول کے اندر اور اردگرد موجود ممکنہ خطرات کی نشاندہی (کمزور دیواریں، ننگی برقی تاریں،بند راستے،قریبی پانی کے ذخائر وغیرہ)۔

**انخلا کے راستے اور محفوظ مقامات :**

واضح طور پر نشان زدہ راستے اور اجتماع کے مقامات، جہاں ہنگامی حالات میں طلبہ اور عملہ محفوظ رہ سکے۔

ان راستوں میں معذور افراد کی رسائی ممکن ہونی چاہیے (ریمپس، چوڑے دروازے) اور تمام ہدایات صاف اور واضح ہوں مثلا ( تصویری علامات، اشاروں کی زبان، عام زبان) شامل ہوں۔

**ذمہ داریاں :**

- پرنسپل: مجموعی رابطہ اور ہم آہنگی
- اساتذہ: انخلا کے دوران طلباء کی رہنمائی
- SSMC/PTA ابتدائی طبی امداد، والدین سے رابطہ ،
- طلباء : ہدایات پر عمل اور ساتھیوں کی مدد
- مخصوص معاون طلباء کی ایک جماعت کو معذور بچوں کی مدد کے لیے تیار کرنا ضروری ہے جس میں (محفوظ اٹھانے، رہنمائی اور معاونت)
- آلات کے استعمال کی تربیت




**ہنگامی رابطہ اور معلومات :**

مقامی ایمرجنسی سروسز، اسپتالوں، ریسکیو مراکز اور والدین کے نمبرز نمایاں جگہوں پر آویزاں ہوں۔

- ہنگامی سامان

  ہر کلاس یا مرکزی مقام پر ابتدائی طبی امداد، پانی، ٹارچ اور ہنگامی رابطہ چارٹس موجود ہوں۔
- Mock Drills مشقیں

  زلزلہ، آگ اور انخلا کی باقاعدہ مشقیں، جن میں طلبہ، اساتذہ اور SSMC/PTA شامل ہوں۔
- جامع اور محفوظ طریقہ کار :

  کم عمر بچوں، لڑکیوں اور معذور طلبہ کے لیے خصوصی،انتظام ہو۔

**یہ کیوں ضروری ہے؟**

- ایک مؤثر اسکول سیفٹی پلان :

1. تحفظ اور تیاری کا ماحول کو فروغ دیتا ہے۔
2. حقیقی ہنگامی صورتحال میں گھبراہٹ کم کرتا ہے۔
3. خصوصاً اسکاؤٹس کو مدد دینے اور دوسروں کو محفوظ رکھنے کی تربیت دیتا ہے ۔
4. اسکول انتظامیہ، والدین اور کمیونٹی کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرتی ہے۔

**فرضی مشقیں طلبہ کو حقیقی حالات کے لیے تیار کرتی ہیں اور انہیں یہ سکھاتی ہیں کہ :**

- کہاں جانا ہے اور کیا کرنا ہے؟
- انخلا کی قیادت کون کرے گا؟
- ابتدائی طبی امداد اور آگ بجھانے کے آلات کہاں رکھے ہیں؟
- انہیں مؤثر طریقے سے کیسے استعمال کرنا







اسکاؤٹ لیڈر کا نام:---------------------------------

یونٹ / اسکول: -----------------------------------

ٹرینر کا نام: ------------------------------------

تاریخ: ------------------------------------------

## نقشہ خطرات (Hazard Map)

اپنے گھر، اسکول یا کمیونٹی میں موجود ممکنہ خطرات کی نشاندہی کریں۔

| مقام/علاقہ | ممکنہ خطرہ | کیا ہو سکتا ہے | خطرہ کم کرنے کے اقدامات |
|---|---|---|---|
| گھر کا کچن | آگ | جلنا، دھواں | فائر ایکسٹینگشرز رکھیں، چولہا استعمال کے بعد بند کریں |
| اسکول کا میدان | شدید گرمی | پانی کی کمی | درخت لگائیں، پانی دستیاب رکھیں |
| کمیونٹی علاقہ | سیلاب | املاک کو نقصان | نالوں کی صفائی، کچرا نہ ڈالیں |

اسکاؤٹس اگلے صفحے پر اپنا خطراتی نقشہ بنا کر چسپاں کر سکتے ہیں

## میرا خاندانی حفاظتی منصوبہ

آفت سے پہلے، دوران اور بعد میں خاندان کو محفوظ رکھنے کے اقدامات تیاری

| تیاری | میرے خاندان کا منصوبہ |
|---|---|
| ہنگامی رابطہ نمبر | ---------------------------------------------- |
| محفوظ جگہ | ---------------------------------------------- |
| اہم دستاویزات محفوظ جگہ پر رکھی گئی ہیں؟ | ہاں / نہیں |
| ہنگامی نمبرز فون کے قریب لکھے گئے ہیں؟ | ہاں / نہیں |

## میرا گو بیگ (Go-Bag) چیک لسٹ

آفت سے پہلے، دوران اور بعد میں خاندان کو محفوظ رکھنے کے اقدامات تیاری

| اشیا | شامل (✓) | نوٹس |
|---|---|---|
| پانی کی بوتل | ☐ | ____ |
| ابتدائی طبی امداد کٹ | ☐ | ____ |
| ٹارچ اور بیٹریاں | ☐ | ____ |
| سیٹی | ☐ | ____ |
| (اہم دستاویزات (نقل | ☐ | ____ |
| خشک خوراک | ☐ | ____ |
| اضافی کپڑے | ☐ | ____ |

## میرا ذاتی یا کمیونٹی ایکشن پلان

تین اقدامات جو میں آفت کے خطرے کو کم کرنے کے لیے کروں گا

| عمل | کہاں | کب؟ | کون مدد کرے گا؟ |
|---|---|---|---|
| ____ | ____ | ____ | ____ |
| ____ | ____ | ____ | ____ |
| ____ | ____ | ____ | ____ |

## میرا عہد (Pledge)

میں عہد کرتا ہوں کہ میں ڈی آر ایم سے متعلق سیکھے گئے اسباق کو دوسروں تک پہنچاؤں گا اور اپنے گھر، اسکول اور کمیونٹی کو محفوظ بنانے کے لئے عملی اقدامات کروں گا۔

دستخط ____________ تاریخ: ____________

**Pak NDMA Disaster Alert – Mobile App**

*Stay informed – Stay safe with the NDMA mobile app on fingertips.*

Introducing the official National Disaster Management Authority (NDMA) mobile application, designed to provide instant early warnings and accurate alerts to better address. Developed by NDMA, this app aims to empower individuals and communities with vital information to effectively prepare for and respond to potential disasters.

Stay informed | Receive early warnings | Empower communities | Stay safe, Stay prepared

# PAK NDMA DISASTER ALERT APP







*Available on: Google Play Store & Apple Store



# MY PLEDGE

## میرا عہد

میں عہد کرتا ہوں کہ میں ڈی آر ایم سے متعلق سیکھے گئے اسباق
کو دوسروں تک پہنچاؤں گا اور اپنے گھر، اسکول اور کمیونٹی کو
محفوظ بنانے کے لئے عملی اقدامات کروں گا۔

PAKISTAN National Disaster Management Authority NDMA

PAKISTAN BOY SCOUTS ASSOCIATION

unicef for every child